DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 16-09-2022	اخبارات
1۔وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر کوئٹہ سبی ٹرانسمیشن لائن بحال،وزیراعظم شہباز شریف	جنگ ودیگر اخبارات
2۔پہاڑوں پر جانے والے بھی ہمارے لوگ عوام امن چاہتے ہیں،وزیراعلیٰ بلوچستان	جنگ ودیگر اخبارات
3۔آخری متاثرہ شخص کو ریلیف ملنے تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے،مولانا عبدالواسع	مشرق ودیگر اخبارات
4۔سی پیک اور دیگر منصوبے بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے ترقی کی نئی راہیں کھولیں گے،کورکمانڈر 12 کور	جنگ ودیگر اخبارات
5۔لوڈشیڈنگ کے دورانئے میں کمی کیلئے اقدامات کررہے ہیں،محمد ہاشم نوتیزئی	جنگ دیگر اخبارات
6۔صوبائی وزیر اکبر آسکانی کا حافظ ضیاء الرحمٰن کے قتل پر تشویش کا اظہار	انتخاب ودیگر اخبارات
7۔سیلاب سے کینال سسٹم کو شدید نقصان پہنچا،محمد خان لہڑی	92ودیگر اخبارات
8۔اساتذہ بلوچستان کے مستقبل کو تشکیل دے رہے ہیں،نصب اللہ مری	جنگ ودیگر اخبارات
9۔متاثرین کیلئے مشکلات پیدا کرنے کی اجازت نہیں دیں گے،سکندر عمرانی	مشرق ودیگر اخبارات
10۔وفاقی محتسب کے حکم پر بیوہ خاتون کو بیٹی کی شادی کی مد میں میرج گرانٹ کی ادائیگی	جنگ ودیگر اخبارات
11۔سبی کوہلو ڈیرہ بگٹی ہرنائی زیارت میں پولیس ریلیف کیمپ قائم،ڈی آئی جی	92ودیگر اخبارات
12۔سیلاب بلوچستان میں مزید 5 افراد جاں بحق تعداد 299 ہوگئی	جنگ ودیگر اخبارات
13۔سیلاب زدہ علاقوں میں پاک فوج کے میڈیکل کیمپس قائم	جنگ ودیگر اخبارات
14۔عوام دشمن پالیسیوں کو مزید برداشت نہیں کیا جاسکتا،سیاسی رہنما	جنگ ودیگر اخبارات
15۔خوست واقعہ پر عوام کا غم وغصہ بڑھتا جارہا ہے،پشتون قوم پرست جماعتیں	جنگ ودیگر اخبارات
16۔بلوچستان اسمبلی کے عملے کا دفتری امور اور اسمبلی اجلاس کے بائیکاٹ کا اعلان	جنگ ودیگر اخبارات
17۔ایگریکلچرل کالج کوئٹہ میں داخلے روکنا حق تلفی،طلباء تنظیمیں	مشرق ودیگر اخبارات

امن وامان

منگچر دستی بم پھٹنے سے ایک شخص ہلاک دوراہگیر زخمی ہوگئے،مستونگ منشیات کے متعدد اڈے مسمار درجنوں گرفتار،وڈھ لیویز کی کارروائی 7 ملزمان گرفتار،مچھ میں بم دھماکہ ایف سی اہلکار شدید زخمی،زہری میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق بچی زخمی،صدر پولیس حب کی کارروائی کے خلاف ملزم کے رشتہ داروں کا احتجاج،

عوامی مسائل

پی ٹی سی ایل کی تاریں چوری ہونے کا سلسلہ جاری مختلف علاقوں میں سروس معطل،نوشکی گرانٹ کی فراہمی میں تاخیر حصار ڈیم کی تعمیر تشنہ تکمیل،قلعہ عبداللہ ٹھیکیدار غائب گلستان ریسٹ ہاؤس کی تعمیر ومرمت کا کام ادھورا،

مورخہ 16-09-2022

اداریہ

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **"درپیش چیلنجز یکسوئی اور قومی اتفاق رائے کی ضرورت "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بجلی کے بل معاف کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ایک بار پھر اسی عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں جہاں جہاں سیلاب اور بارشوں سے تباہی ہوئی ہے ان نقصانات سے نمٹنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گی ،سیلاب متاثرین کی خدمت کی جائے گی۔ سابق حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ تو کیا لیکن اس معاہدہ کی پاسداری نہیں کی جس کے باعث آئی ایم ایف کا رویہ تبدیل ہوا۔ وزیر اعظم کے بقول آئی ایم ایف نے ہمیں ناک سے لکیریں نکلوادیں۔ وزیر اعظم نے گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے صحبت پور میں متاثرین سے بات چیت اور میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے وزارت عظمٰی کا منصب سنبھالنے کے بعد اب تک بلوچستان کے متعدد دورے کئے ہیں انہوں نے وزارت عظمٰی کا منصب سنبھالنے کے بعد اپنے پہلے دورے کے موقع پر کوئٹہ میں اہم ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا اور نئے منصوبوں کی نوید دی ساتھ ہی ترقیاتی منصوبوں کی جلد سے جلد تکمیل کا عزم ظاہر کیا لیکن وائے قسمت کہ اسی دوران بلوچستان سمیت ملک بھر میں طوفانی بارشوں کا ایک ایسا سلسلہ شروع ہوا جس نے ہر چیز ڈبو کر اور ملیا میٹ کر کے رکھ دی ہے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں تاریخی تباہی ہوئی ،اور معاشرتی مسائل کے حل ،ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پہلے سے جاری اقدامات میں مزید وسعت ،تیزی اور جدت لائے اس ضمن میں تمام سیاسی جماعتوں کو تنقید برائے تنقید کے افسوسناک رویے ترک کر کے تعمیری اور قومی جوش وجذبے کے ساتھ آگے آنا ہوگا اور حکومت کا ساتھ دینا ہوگا کہ اس آفت کے زخم اسی طریقے مندمل ہوسکتے ہیں۔

اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **" بلوچستان کی معاشی اور معاشرتی ترقی کے اھداف"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"پنجاب کا بلوچستان کو 6.5لاکھ بوری گندم فراہم کرنے کا قابل ستائش فیصلہ "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Boosting trade with Iran " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 16 SEP 2022 Page No. 1

انسرجنسی نے بلوچستان کو 30 سال پیچھے دھکیل دیا

پہاڑوں پر جانیوالے بھی ہمارے لوگ، عوام امن چاہتے ہیں، قدوس بزنجو

بہت سے پیاروں کو کھویا، سب کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتے ہیں، کیڈٹ کالج نوجوان نسل کیلئے عظیم تحفہ، نواب زہری اور آرمی چیف کا شکریہ، ڈگری کالج کا دورہ

امن وامان کے قیام کیلئے خدمات قابل ستائش، جھاؤ کیمپ تاشندی روڈ، ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا، وزیراعلیٰ کا آواران پہنچنے پر حکام نے استقبال کیا

آواران (خ ن + نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان اور خاص طور سے آواران کو انسرجنسی نے 30 سال پیچھے دھکیل دیا ہے، پہاڑوں پر جانے والے بھی ہمارے لوگ ہیں اور دونوں جانب سے ہونے والا نقصان ہمارا نقصان ہے ہم نے اس عرصہ میں اپنے بہت سے پیاروں کو کھویا ہے بلوچستان کے عوام امن چاہتے ہیں اور ہمارے بچے اچھی تعلیم کے خواہاں ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے آواران کیڈٹ کالج جھل جھاؤ کے معائنے کے موقع پر دی جانے والی بریفنگ کے دوران کیا، صوبائی وزیر عبدالرشید بلوچ، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی، آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ، عمائدین اور مختلف محکموں کے سیکرٹریز، کمشنر قلات اور دیگر حکام اس موقع پر موجود تھے، وزیراعلیٰ نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان اور آواران کے بچے بھی تعلیم حاصل کرکے ڈاکٹر، انجینئر اور فوج سمیت دیگر شعبوں میں جانا چاہتے ہیں اور یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم وتربیت کے مواقع فراہم کریں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ امن اور ترقی لازم وملزوم ہیں اور امن کے راستے پر چل کر ہی ترقی کے اہداف حاصل کیے جاسکتے ہیں جو کچھ ہم کھو چکے ہیں اس کا ازالہ تو ممکن نہیں لیکن دیرپا امن واستحکام کے ذریعے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے ہم سب کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتے ہیں اور ترقی کی منازل کا حصول ہمارا اولین مقصد ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ آواران کیڈٹ کالج نہ صرف آواران بلکہ قریبی اضلاع کے نوجوانوں کو بھی بہتر تعلیم کے حصول کے مواقع ملیں گے اور یہاں سے تعلیم حاصل کرنے والے ہمارے بچے ملک اور صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں گے، انہوں نے کیڈٹ کالج کا منصوبہ دینے پر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری اور منصوبے کو عملی جامہ پہنانے پر پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ اور پاک فوج کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آواران جیسے دورافتادہ ضلع میں کیڈٹ کالج کا قیام اہم پیشرفت ہے جس پر وہ علاقے کے عوام اور خاص طور سے نوجوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ آج کا دن آواران کی تاریخ کا روشن دن ہے آواران کی نوجوان نسل کو کیڈٹ کالج کے قیام کی صورت میں عظیم تحفہ ملا ہے جو ہمارے علاقے کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی تعمیر کی بنیاد ثابت ہوگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ آواران میں امن وامان کے قیام کیلئے پاک فوج ایف سی اور لیویز کی خدمات قابل ستائش ہیں ہم امن واستحکام کیلئے جانوں کو نذرانہ پیش کرنے والے سیکورٹی اہلکاروں اور شہریوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں آواران کے عوام اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں، قبل ازیں پرنسپل کیڈٹ کالج کرنل عمران نذیر نے منصوبے کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کالج کی تعمیر کا 80 فیصد کام مکمل کیا جاچکا ہے اور درس وتدریس کا عمل جاری ہے اس وقت کالج میں ساتویں اور آٹھویں کلاس میں 132 طلباء زیر تعلیم ہیں بعد ازاں وزیراعلیٰ نے زیر تعمیر آر ایچ سی تحصیل جھل جھاؤ کی تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں اپ گریڈیشن کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا وزیراعلیٰ کو منصوبے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ منصوبے کی مقررہ مدت کے اندر تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو علاج ومعالجہ کی بہتر سہولتیں ان کی دہلیز پر دستیاب ہوسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولتوں کی دستیابی کیلئے بنیادی مراکز صحت اور دیہی مراکز صحت کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے وزیراعلیٰ نے جھاؤ کیمپ تاشندی روڈ کا سنگ بنیاد بھی رکھا جہاں انہیں منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی وزیراعلیٰ نے منصوبے کی معیاری اور مقررہ مدت کے اندر تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے زیر تعمیر آر ایچ سی تحصیل جھل جھاؤ کی تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں اپ گریڈیشن کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا، وزیراعلیٰ کو منصوبے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو علاج ومعالجہ کی بہتر سہولتیں ان کی دہلیز پر دستیاب ہوسکیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولتوں کی دستیابی کیلئے بنیادی مراکز صحت اور دیہی مراکز صحت کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے، وزیراعلیٰ نے جھاؤ کیمپ تاشندی روڈ کا سنگ بنیاد بھی رکھا جہاں انہیں منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، وزیراعلیٰ نے منصوبے کی معیاری اور مقررہ مدت کے اندر تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو آواران کے دو روزہ دورہ کے پہلے مرحلے میں جھل جھاؤ پہنچ گئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے اپنے حلقے آواران کا پہلا دورہ چار سال کے بعد جھل جھاؤ پہنچنے پر حکام اور علاقے کے عمائدین نے استقبال کیا، علاقے کے لوگوں کی بہت بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ علاوہ ازیں وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے طلباء کو تلقین کی ہے کہ وہ اپنی تمام توجہ حصول علم پر مرکوز رکھیں اور ترقی اور امن مخالف عناصر کے بہکاوے میں نہ آئیں جو اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے نوجوانوں کو تعلیم سے دور کرنا چاہتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈگری کالج آواران کے دورہ کے موقع پر طلباء سے بات چیت میں کیا، صوبائی وزیر عبدالرشید بلوچ، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی، آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن حافظ عبدالماجد بھی اس موقع پر موجود تھے وزیراعلیٰ نے کالج کے مختلف شعبوں اور کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء سے ان کی نصابی سرگرمیں اور سہولتوں کے حوالے سے آگاہی حاصل کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ تعلیم وہنر کے بغیر کوئی بھی قوم شعور اور ترقی حاصل نہیں کرسکتی ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ تعلیم کو عام کیا جائے اور تعلیمی اداروں کو تمام ضروری سہولتوں سے آراستہ کرکے نوجوان نسل کو اپنا سنہری مستقبل بنانے کا موقع دیا جائے وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سیکرٹری ہائر ایجوکیشن کو کالج کو درپیش مسائل کے حل کی ہدایت کی۔

گندم کی فراہمی پر وزیراعلیٰ پنجاب کے شکر گزار ہیں، قدوس بزنجو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان میں گندم کی قلت کے پیش نظر حکومت پنجاب کی جانب سے 64 ہزار 5 سو میٹرک ٹن گندم کی فراہمی کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیا ہے اپنے ایک ٹوئٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ پنجاب نے ہمیشہ مشکل حالات میں بڑے بھائی کا کردار ادا کیا ہے مشکل وقت میں گرانقدر تعاون پر وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے شکر گزار ہیں۔

وزیراعلیٰ بزنجو کا جھل جھاؤ پہنچنے پر والہانہ استقبال، عوام میں گھل مل گئے

آواران (خ ن) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کے جھل جھاؤ پہنچنے پر عوام نے اپنے لیڈر کا والہانہ استقبال کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ عوام کے ساتھ گھل مل گئے اور انہوں نے لوگوں کے ساتھ بلوچی حال احوال کیا لوگوں کی جانب سے وزیراعلیٰ کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا گیا وزیراعلیٰ نے بعض مسائل کے فوری حل کیلئے موقع پر احکامات صادر کئے وزیراعلیٰ نے لوگوں کی جانب سے محبت اور احترام کے اظہار پر ان کا شکریہ ادا کیا صوبائی وزیر عبدالرشید بلوچ اور چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ تھے۔

MASHRIQ QUETTA

وزیراعلیٰ کی دعوت، جمعیت کا بلوچستان حکومت میں شامل ہونے کا فیصلہ

جمعیت علماء اسلام نے بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر، چار وزارتیں اور ایک پارلیمانی سیکرٹری مانگ لیا

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان حکومت میں وزیراعلیٰ بلوچستان کی دعوت پر غور اور کابینہ میں شامل ہونے کیلئے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع ....

بقیہ نمبر 19 صفحہ 9 پر

اسلام آباد پہنچ گئے اور رات کو مولانا فضل الرحمن کی صدارت میں اجلاس میں ہوا جس میں باقاعدہ طور پر شمولیت کا فیصلہ کرلیا اور متعلقہ ممبران کو وزارت دینے کا نام بھی فائنل کر دیئے انتہائی اہم ذرائع سے معلوم ہوا کہ گزشتہ شب صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ سمیت تمام پارلیمانی گروپ شرکت کریں گے ذرائع کے مطابق بلوچستان حکومت میں جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کی شمولیت کے بارے اہم اجلاس جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمن کی صدارت ہوا دیگر امور کے علاوہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع سے رابطہ کرکے حکومت میں شمولیت کی دعوت دی جس پر مولانا عبدالواسع نے صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی بورڈ سے مشورہ کرنے کے بعد وزیراعلیٰ کو یقین دہانی کرائی کہ اس سلسلے میں مرکزی امیر مولانا فضل الرحمن سے ملاقات کرکے باقاعدہ طور پر حکومت میں شامل ہونے کے لئے وزارتوں کے نام بھی فائنل کریں گے ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ جمعیت علماء اسلام نے بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر، چار وزارتیں اور ایک پارلیمانی سیکرٹری جن میں محکمہ صحت، پی اینڈ ڈی، خزانہ، پی ایچ ای اور لیبر شامل ہیں اس سلسلے میں مولانا فضل الرحمن اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے پارلیمانی ممبران نے صلاح ومشورے کے بعد مولانا فضل الرحمن کو یہ اختیار دیدیا کہ وہ جس کو وزارت کیلئے نامزد کرتے ہیں ہمیں قبول ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 16 SEP 2022 Page No. 3

لوڈ شیڈنگ کے دورانیے میں کمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

حاجی محمد ہاشم نوتیزئی

ایران سے معاہدہ کے تحت مزید 100 میگاواٹ بجلی مکران کو فراہم کی جائیگی، پیداوار بڑھانے کیلئے سولر وونڈ انرجی کی طرف جانا ہوگا، بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر مملکت برائے توانائی حاجی محمد ہاشم نوتیزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لوڈ شیڈنگ کی کمی کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، ایران کے ساتھ معاہدہ کے تحت مزید 100 میگاواٹ بجلی مکران ڈویژن کو فراہم کی جائے گی، حکومت ملک بھر سے لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے لئے پر عزم ہے، توانائی کے متبادل کے طور پر سولر اور ونڈ انرجی کی طرف جانا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنگ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا وزیر مملکت برائے توانائی نے کہا کہ ہم پر عزم ہیں کہ ملک بھر سے لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کریں اور اس ضمن میں اقدامات بھی کئے جا رہے ہیں معمولی نوعیت کی وجہ سے بند بجلی گھروں کو مرحلہ وار فعال کرنے کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا کہ میری پوری کوشش ہے کہ بلوچستان میں لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ کم سے کم کیا جائے اسی سلسلے میں ایران کے ساتھ معاہدہ پولان بھی کیا گیا ہے جسکے تحت مکران ڈویژن کو 100 میگاواٹ مزید بجلی فراہم کی جائے گی انہوں نے کہا کہ جدید تقاضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ہمیں توانائی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لئے سولر اور ونڈ انرجی سورس کی طرف جانا ہوگا کیونکہ ہمارے میدانی علاقے شدید دھوپ اور پہاڑی علاقوں میں تیز ہوائیں چلتی ہیں جس سے ہم بجلی حاصل کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں لوڈ مینجمنٹ کی ہدایت جاری کر دی ہیں اور حکام کو کہا ہے کہ ٹرانسفارمرز کو اوور لوڈ نہ کیا جائے کیونکہ اوور لوڈ کی وجہ سے ٹرانسفارمر جل جاتے ہیں اور صارفین کو مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کی خدمت ہمارا مشن ہے اور اسی جذبے کے ساتھ کام کر رہے ہیں عوام کسی بھی شکایت کی صورت میں براہ راست رابطہ کریں فوراً ازالہ کیا جائے گا۔

92 نیوز کوئٹہ

پاک ایران پنشین بارڈر مارکیٹ مکمل آئندہ ماہ افتتاح متوقع

آزاد تجارت کے رجحان میں اضافہ ہوگا نوید قمر

گبد، ردان، کوہک اور دیگر 3 مارکیٹوں پر کام جلد شروع ہوجائے گا، وفاقی وزیر، ایرانی وفد کی ملاقات

ایران کی فارماسیوٹیکل سیکٹر میں تجارت بڑھانے کی تجویز، سیلاب متاثرین کی بحالی میں تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (خصوصی نیوز رپورٹر، اے پی پی) وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر نے کہا ہے کہ پاکستان ایران پنشین بارڈر مارکیٹ کا آئندہ ماہ افتتاح متوقع ہے جس سے دونوں ممالک (باقی صفحہ 4 نمبر 13)

کے درمیان آزاد تجارت کے رجحان میں اضافہ ہوگا، پنشین بارڈر مارکیٹ مکمل ہو چکی ہے اور اس کا افتتاح ابھی باقی ہے جبکہ گبد، ردان اور کوہک سمیت دیگر تین مارکیٹوں پر کام جلد شروع ہو جائے گا۔ یہ بات انہوں نے ایرانی پارلیمانی وفد جس کی قیادت ممبر اسمبلی مالک فاضلی کر رہے تھے، سے ملاقات کے دوران کہی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تجارت کے حجم کو بڑھانے کیلئے دونوں جانب سے کل 12 بارڈر مارکیٹوں کی تجویز دی گئی ہے جن میں سے 9 کو باہمی طور پر منظور کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا بارٹر سسٹم کے تحت ان سرحدی منڈیوں سے تجارت ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پٹرولیم اور گیس میں تجارتی حجم بڑھانے کی اشد ضرورت ہے جس سے باہمی تجارتی حجم کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔ نوید قمر نے کہا کہ ہم ایران سے مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) درآمد کر رہے ہیں اور اس کی درآمد کو بھی بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم گوادر کے لئے ایران سے بجلی درآمد کرتے ہیں اور اس میں بھی اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔ وفد نے فارماسیوٹیکل سیکٹر میں باہمی تعاون اور تجارت بڑھانے کی تجویز دی۔ انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تجارت کے حجم میں اضافہ ہو اور ایران نے پیاز اور ٹماٹر کی قلت پر قابو پانے میں پاکستان کے ساتھ تعاون کیا۔ انہوں نے کہا ایرانی پارلیمنٹ کے رکن کی حیثیت سے وہ پاکستان اور ایران کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کو ضروری سمجھتے ہیں، اسی طرح ایران پاکستان گیس پائپ لائن پر بھی کام مستقبل قریب میں مکمل ہونا ہے۔ انہوں نے کہا پاکستان میں سیلاب اور قدرتی آفات کی وجہ سے خاص طور پر سندھ اور بلوچستان میں مشکل صورتحال ہے، اس سلسلے میں حکومت ایران ان افراد کی بحالی کیلئے پاکستان کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی۔

سیلاب سے کینال سسٹم کو شدید نقصان پہنچا، محمد خان لہڑی

7 کلومیٹر تک پٹ فیڈر کینال ختم، بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے

عوام نقصانات کا اندراج عملہ ریونیو کے پاس ایمانداری سے کرائیں، صوبائی وزیر

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) صوبائی وزیر آبپاشی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سیلاب متاثرین کے مسائل حل کرنے کیلئے پی ڈی ایم اے بلوچستان کو ضرورت سے زیادہ فنڈز فراہم کئے ہیں تاکہ مصیبت زدہ افراد کی فوری مدد کی (باقی صفحہ 5 نمبر 37)

جا سکے، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنروں سے رابطوں میں ہیں پٹ فیڈر کینال و دیگر کینالوں کے انفراسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچا ہے، 7 کلومیٹر تک پٹ فیڈر کینال مکمل طور ختم ہو چکی ہے جس کی بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے تاکہ دس پندرہ فیصد بچنے والی چاول کی فصل کو بچا کر کسانوں زمینداروں کو نقصان سے بچایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کی جانب سے ریلیف کے حوالے سے دی جانے والی بریفنگ کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل ایکس ای این کیسکو نصیر آباد حاجی شبیر احمد مستوئی نے بھی بریفنگ دی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ سیلاب پر سیاست کرنے کے بجائے مصیبت زدہ سیلاب زدگان کی بحالی اور مدد کی جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان سیلاب زدگان کے مسائل سے واقف ہیں، کوئٹہ میں بیٹھ کر مانیٹرنگ کر رہے ہیں وہ دوروں سے اس لیے اجتناب کر رہے ہیں وی وی آئی پی موومنٹ سے آفیسران اور سیلاب متاثرین پریشان ہوتے ہیں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ نصیر آباد میں نقصان کا ازالہ کرنے کیلئے سروے شروع کر دیا گیا، عوام اپنے نقصانات عملہ ریونیو کے پاس ایمانداری سے درج کرائیں اور کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر کو بچانے کیلئے ایریگیشن کی مشینری نے دن رات کام کیا ہے انہوں نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے کہا کہ سیلاب متاثرین میں جلد از جلد راشن کی ترسیل کو یقینی بنائیں مزید کہا کہ زیادہ سے زیادہ میڈیکل کیمپ لگائے جائیں۔

INTEKHAB QUETTA

صوبائی وزیر اکبر آسکانی کا حافظ ضیاء الرحمن کے قتل پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر حیوانات حاجی میر محمد اکبر آسکانی میر الیاس آسکانی، انجینئر عتیق الرحمن ساجدی نے پروجیکٹ ڈائریکٹر انجینئر عبدالسلام مینگل کے نوجوان بھائی حافظ ضیاء الرحمن مینگل کے قتل کی مذمت بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

کرتے ہوئے کہا کہ حافظ ضیاء الرحمن مینگل ایک سماجی ورکر تھے ان کی شہادت سے افسوس ہوا اور فیملی کیلئے بڑا صدمہ ہے اللہ پاک پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر کوئٹہ سبی ٹرانسمیشن لائن بحال

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر کوئٹہ سبی ٹرانسمیشن لائن بحال کر دی گئی جس کے بعد کوئٹہ کو 300 میگاواٹ بجلی کی فراہمی شروع ہو گئی ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق 220 کے وی کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ سٹیشن بھی بحال کر دیا گیا ہے جس کے بعد علاقے کے 132 کے وی کے 19 گرڈز کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ سٹیشن سے منسلک کر دیئے گئے ہیں۔ قومی شاہراہ این 65 (سکھر-کوئٹہ) کو بھی ہیوی ٹریفک کیلئے بحال کر دیا گیا ہے جس سے نصیرآباد ڈویژن اور دیگر سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سامان پہنچانے میں آسانی ہو گی۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف سیلاب زدہ علاقوں میں بحالی کے کاموں کو خود مانیٹر کر رہے ہیں، اس حوالے سے انھیں روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کی جا رہی ہے۔

اساتذہ بلوچستان کے مستقبل کو تشکیل دے رہے ہیں، نصیب اللہ مری

صوبائی وزیر کی جی ٹی اے آئینی کے صدر مجیب غرشین اور قادر بخش رئیسانی سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر تعلیم / پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر میر نصیب اللہ خان مری سے جی ٹی اے آئینی کے صدر حاجی مجیب اللہ غرشین اور جنرل سیکرٹری قادر بخش رئیسانی کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی اور اساتذہ کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے صوبائی وزیر کی خصوصی کاوشوں پر ان کا شکریہ ادا کیا رہنماؤں نے نصیب اللہ مری کو گلدستہ بھی پیش کیا صوبائی وزیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کا رول انسان کو روشنی دکھانا ہے طلبا کے جو خواب ہوتے ہیں اساتذہ خوابوں کو عزم میں تبدیل کرنے کی تعلیم دیتے ہیں اساتذہ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے بھرپور کوشش کر رہا ہوں ٹیچنگ صرف ایک پروفیشن نہیں بلکہ یہ معاشرے کی سمت کا تعین کرتا ہے بلوچستان کا مستقبل آج کے طلباء پر منحصر ہے اور طلباء کا مستقبل آج کے اساتذہ تشکیل دے رہے ہیں وفد میں سعید احمد، ناصر نور محمد ہنگورئی، علی احمد شاہوانی، سید عزیز آغا، اختر محمد حسنی، محمد نعیم موسیٰ خیل شامل تھے۔

کوشش ہے لاپتہ افراد کیسز میں کمی ہو اس ناسور سے نجات ملے، اعظم تارڑ

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے جبری گمشدگی اور لاپتہ افراد کے حوالے سے قائم کابینہ کی ذیلی کمیٹی کے شرکا کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری کوشش ہے کہ لاپتہ افراد کے کیسز میں کمی ہو اور اس ناسور سے نجات ملے۔ جو لاپتہ افراد مل سکتے ہیں ان تک رسائی ہو اور آئندہ یہ سلسلہ رک سکے۔ کمیٹی کا اجلاس جمعرات کو وزیر قانون کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء رانا ثنا اللہ، آغا حسن بلوچ، شازیہ مری، فیصل سبزواری، سینیٹر کامران مرتضیٰ، آئی جی اسلام آباد، ڈی آئی جی بلوچستان، سندھ، مدثر محمود نارو کے والدین، پروفیسر فیصل منظور بلوچ، سمی بلوچ اور ڈاکٹر دین محمد بلوچ کی بیٹی نے بھی شرکت کی۔ سمی بلوچ نے کہا کہ ہماری کمیٹی سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں جس کی وجہ سے لاپتہ افراد کے لواحقین نے کوئٹہ میں جاری دھرنا ختم کیا ہے۔ تسنیم زہرہ نے بھی کمیٹی کے اجلاس میں جبری گمشدگی اور لاپتہ افراد کے بارے میں اظہار خیال کیا جبکہ مدثر محمود نارو کے والدین نے کمیٹی کے سامنے اپنی گذارشات پیش کیں۔ وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ہمیں لاپتہ افراد کے لواحقین کے دکھ اور درد کا پورا احساس ہے۔ ہم نیک نیتی کے ساتھ اس مسئلے پر آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ شازیہ مری نے بتایا اس کمیٹی سے لوگوں کی امیدیں بحال ہوگئی ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

آخری متاثرہ شخص کو ریلیف ملنے تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے، مولانا عبدالواسع

حکومت کی تمام تر توجہ بلوچستان میں سیلاب متاثرین کی مکمل بحالی پر مرکوز ہے، جمہوریت کیلئے اسٹیبلشمنٹ کو نیوٹرل رہنے دیا جائے

ملک احتجاجی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا، دنیا کی نظریں بلوچستان سندھ جنوبی پنجاب اور کے پی کے کے متاثرین پر لگی ہوئی ہیں

عمران خان کو چاہیے تھا کہ وہ اپنا قومی کردار ادا کرتے اور سیاست کو ایک سائیڈ پر رکھتے یہ وقت سیاست کا نہیں عوام کی خدمت کا ہے

لورالائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکومت کی تمام تر توجہ بلوچستان میں سیلاب متاثرین کی مکمل بحالی پر مرکوز ہے، وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی حکومت آخری متاثرہ شخص کو ریلیف ملنے تک چین سے نہیں رہیں گے ملک احتجاجی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا دنیا کی نظریں بلوچستان سندھ جنوبی پنجاب اور کے پی......

بقیہ 25 صفحہ نمبر 10 پر

کے کے متاثرین پر لگی ہوئی ہیں جبکہ سابق وزیراعظم ملک میں مہنگائی کے سب سے بڑے ذمہ دار ہیں وہ عوام کو مہنگائی، بدامنی، دہشت گردی کے تحفے میں کردار ادا کرنے کے بجائے اپنی کرسی کیلئے بھاگ دوڑ میں مصروف ہیں انہیں اب بھی ریلیف دیا جا رہا ہے قانون سے کوئی بھی شخص بالاتر نہیں اداروں انصاف کے تقاضوں کو پورا کریں ملک سیلاب میں ڈوبا ہوا ہے عوام مدد کی اپیل کر رہے ہیں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل پاکستان آئے اور دوست ممالک آ پہنچے لیکن عمران خان آج تک بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی حالت معلوم کرنے اور ان کی مدد کرنے نہیں پہنچے جو کہ اہل بلوچستان کے مصیبت زدہ عوام کے زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے عمران خان کو چاہیے تھا کہ وہ اپنا قومی کردار ادا کرتے اور سیاست کو ایک سائیڈ پر رکھتے یہ وقت سیاست کا نہیں عوام کی خدمت کا ہے ملک اور عوام رہیں گے تو ہم سیاست کریں گے لیکن وہ ملک میں جلسے کرنے نکل پڑے ہے عوام مہنگائی سے تکلیف میں ہیں اور وہ اپنے جلسے میں خطاب کے دوران بے مقصد لیکچرز سے عوام کی توجہ ملک کے اصل مسائل سے ہٹانے کی کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ان کے جلسوں میں عوام کا ہجوم دیکھ کر نااہلی، بدحالی کے ساتھ ساتھ ان پر عدم اعتماد کو بھی ظاہر کرتا ہے انکے پنجاب اور کے پی کے جلسوں میں عوام کم سرکاری ملازمین اور پٹواری اور بیوپاری پر لوگوں کو جلسوں میں کامیابی کیلئے لیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں عام الیکشن سے نہیں بھاگ رہے لیکن اس وقت ملک سیلابی بحران میں گرا ہوا ہے اس صورتحال میں عوام کس طرح الیکشن میں ووٹ ڈال سکیں گے اور سیاسی پارٹیوں کو بھی الیکشن مہم چلانے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں جبکہ یو آئی ملک میں آئین کی بالادستی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے موجودہ حکومت کا ساتھ دے رہی ہے ملک کی تاریخ میں بدترین مہنگائی عمرانی دور میں دیکھی گئی جو چار سالوں میں کبھی نہیں دیکھی انہوں نے کہا کہ عام الیکشن جب بھی ہوں گے جے یو آئی بلوچستان اور کے پی سمیت پورے ملک میں ایک بڑی سیاسی اور دینی جماعت کے شکل میں سامنے آئی گی اسٹیبلشمنٹ کو نیوٹرل رہنے دیا جائے

متاثرین کیلئے مشکلات پیدا کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، سکندر عمرانی

امدادی سامان گوداموں میں بند کرنے کے بجائے حقداروں میں تقسیم کیا جائے، صوبائی وزیر ریونیو

ڈیرہ بگٹی کے عوام امن و امان کی بحالی کیلئے ایف سی کی طرف دیکھ رہے ہیں، صحافیوں سے بات چیت

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے کہا کہ نصیرآباد انتظامیہ سیلاب متاثرین کی مدد اور بحالی میں مشکلات پیدا کرنے کے بجائے آسانیاں پیدا کریں سیلاب متاثرین کے راشن کو خراب ہونے کیلئے گوداموں میں بند کرنے کے بجائے سیلاب متاثرین میں تقسیم کریں ڈیرہ بگٹی کے سرحد سے لیکر گنجی کور اور طاہر کے علاقے نصیرآباد کے ہیں وہ ہمارے ووٹر ہیں امن امان کے حوالے سے ایف سی ونگ لہڑی دیکھ رہی ہے پولیس تھانے انتظامی امور نصیرآباد سے ہیں ایف سی 72 ونگ ان علاقوں میں بھی خیمے، راشن تقسیم کرے ان خیالات کا اظہار صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے ناقص کارکردگی پر ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر کو تبدیل کیا تاکہ سیلاب متاثرین کی فوری مدد ممکن ہو سکے نئی تعینات ہونے والی انتظامی آفیسر سیلاب متاثرین کی مشکلات میں اضافے کے بجائے آسانیاں پیدا کریں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 16 SEP 2022 Page No. 4

سی پیک اور دیگر منصوبے بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے ترقی کی نئی راہیں کھولیں گے

کور کمانڈر 12 کور

بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے، لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور

کوئٹہ (پ ر) کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے گوادر میں تعینات اسپیشل سیکورٹی ڈویژن کا دورہ کیا۔ جی او سی میجر جنرل عنایت حسین نے کور کمانڈر کو پیشہ ورانہ امور سی پیک سیکیورٹی گوادر اور ساحلی پٹی کے مقامی لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے پاک فوج کی جانب سے کیے گئے متعدد فلاحی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی آگاہ کیا۔ کور کمانڈر نے علاقے میں دیرپا امن اور خوشحالی کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کی ہم آہنگی اور اسپیشل سیکورٹی ڈویژن کی کارکردگی کو سراہا۔ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی مجیب الرحمان قمبرانی نے کور کمانڈر سے ملاقات میں گوادر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر کور کمانڈر نے کہا کہ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی گوادر اسمارٹ سٹی بنانے میں اپنا اہم اور موثر کردار ادا کر رہا ہے۔ کور کمانڈر نے کہا کہ سی پیک اور دیگر ترقیاتی منصوبے بالعموم بلوچستان اور بالخصوص مکران ڈویژن کے نوجوانوں کے لیے ترقی کی نئی راہیں کھولیں گے۔ کور کمانڈر نے نوجوانوں کے لیے تعلیمی مواقع اور صحت عامہ کے شعبے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے گوادر میں جاری ترقیاتی منصوبوں بشمول پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے منصوبے معینہ مدت میں پورا کرنے کے لیے ہدایات بھی جاری کیں۔ کور کمانڈر نے دورے کے دوران سول انتظامیہ اور دیگر اداروں کے حکام سے بھی تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پر کور کمانڈر نے پرامن پاکستان اور خوشحال بلوچستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاک فوج بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی فلاح و بہبود کے لیے دیگر ریاستی اداروں اور سول انتظامیہ کی بھرپور معاونت جاری رکھے گی۔ بعد ازاں کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے جی او سی اور کمانڈر پاک بحریہ کے ہمراہ گوادر پورٹ اور اس سے ملحقہ پاک چائنا بزنس سینٹر کا دورہ کیا۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے حکام نے کور کمانڈر کو مختلف منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کور کمانڈر بلوچستان نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ایسٹ بے ایکسپریس وے کا فضائی جائزہ بھی لیا۔ متعلقہ حکام نے کور کمانڈر کو زیر تعمیر گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور اس سے متعلقہ جاری منصوبوں پر مفصل بریفنگ دی۔ کور کمانڈر نے متعلقہ عملے کی کاوشوں کو سراہا اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔

سیلاب زدہ علاقوں میں پاک فوج کے میڈیکل کیمپس قائم

راشن اور ریلیف کی فراہمی، ذرائع آمد و رفت کی بحالی کیلئے کوششیں جاری ہیں، آئی ایس پی آر

کوئٹہ (پ ر) پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے سول انتظامیہ کی بھرپور مدد کر رہے ہیں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوہلو، سبی، صحبت پور، جھل مگسی میں 8 ریلیف کیمپس کام کر رہے ہیں جہاں سیلاب متاثرین کو ان کے ریلیف کیمپس اور پناہ گاہوں میں پکا ہوا کھانا اور راشن تقسیم کیا جا رہا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راشن کے پیکٹس ہیلی کاپٹرز کے ذریعے پہنچائے جا رہے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران خضدار، آواران، جعفرآباد، نصیرآباد، جھل مگسی، بولان، بیلہ، نوشکی، ڈیرہ بگٹی، لسبیلہ اور بارکھان کے ضرورت مند خاندانوں میں 2592 راشن کے پیکٹس، 600 آٹے کے تھیلے، 150 خوردنی تیل کے کارٹن، 910 پانی جوس اور خشک دودھ کے کارٹن، 720 خیمے، 304 گیس سلینڈرز اس کے علاوہ کچن سیٹ، واٹر کولر، کمبل اور سیلاب متاثرین کو مفت کپڑے بھی فراہم کیے گئے ہیں۔ آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے کوئٹہ، چمن، قلعہ عبداللہ، نوشکی اور دالبندین میں 8 امدادی کلکشن پوائنٹس بھی کام کر رہے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں متاثرین کو متعدی امراض سے بچاؤ کے لیے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ جاری ہے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے 68 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جس میں 15242 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا اور مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ لسبیلہ میں پاک فوج، سول انتظامیہ، بی آر ایس پی اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندوں پر مشتمل 10 ٹیمیں لوگوں کے نقصانات اور ان کی بحالی کے لیے 75 سروے مکمل کر لیا ہے۔ ذرائع آمد و رفت کی بحالی کے لیے پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور کوسٹ گارڈ کی سول انتظامیہ کے ہمراہ کوششیں جاری ہیں۔ بلوچستان کی بیشتر شاہراہیں N-10, N-25, N-40, N-50, N-70, N-85 ٹریفک کی آمد و رفت کیلئے مکمل کھول دی گئیں ہے۔ جبکہ M-8 کو نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی جانب سے جزوی آمد و رفت کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان اور کوسٹ گارڈ سول انتظامیہ کے ہمراہ اپنے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں۔

وفاقی محتسب کے حکم پر بیوہ خاتون کو بیٹی کی شادی کی مد میں میرج گرانٹ کی ادائیگی

کوئٹہ (خ ن) وفاقی محتسب کے حکم پر بیوہ خاتون کو تین سال بعد بیٹی کی شادی کی مد میں میرج گرانٹ کی ادائیگی ہوگئی۔ کوئٹہ کی رہائشی بیوہ خاتون کو بار بار دفتر کے چکر لگانے کے بعد بھی بیٹی کی میرج گرانٹ نہیں دی گئی۔ مذکورہ خاتون گزشتہ ساڑھے تین سال سے محکمے میں درخواست دے رہی تھی کہ اس کو بیٹی کی شادی کی مد میں رقم عنایت کی جائے مگر شومئے قسمت کہ کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالآخر بیوہ خاتون نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کوئٹہ میں درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے حکم پر محکمے نے کارروائی کا آغاز کیا اور کارروائی کے بعد یہ بات سامنے آئی کہ بیوہ خاتون حقیقی طور پر میرج گرانٹ کی رقم سے آج دن تک محروم ہے۔ وفاقی محتسب نے فوری طور پر محکمہ کو احکامات جاری کیے کہ بیوہ خاتون کو میرج گرانٹ کی رقم ادا کی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات کے بعد محکمہ نے پچاس ہزار روپے کا چیک خاتون فیروزہ بیگم کو کوئٹہ بھجوا دیا۔ رقم موصول ہوتے ہی مذکورہ خاتون وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کوئٹہ تشریف لائیں۔ اور وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

سیلاب، بلوچستان میں مزید 5 افراد جاں بحق، تعداد 299 ہوگئی

جعفرآباد میں 2، چمن میں ایک اور سوراب میں 2 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے تین اضلاع میں سیلاب سے مزید 5 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق، اموات کی تعداد 299 ہوگئی محکمہ پی ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق سیلاب میں بہنے اور دیواریں گرنے سے ضلع جعفرآباد میں 2، چمن میں ایک اور سوراب میں 2 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوئی ہے جس کے بعد صوبے میں 13 جون سے اب تک ہونے والی اموات کی مجموعی تعداد 299 ہوگئی ہے جاں بحق ہونے والوں میں 136 مرد، 90 بچے اور 73 خواتین شامل ہیں جبکہ صوبے میں اب تک 65 ہزار مکانات کو نقصان پہنچا ہے رپورٹ کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ، موسیٰ خیل اور دکی میں 160 خیمے، 350 خاندانوں کیلئے راشن سمیت دیگر سامان روانہ کر دیا گیا جبکہ ریلیف کا آپریشن تاحال جاری ہے۔

زمیندار و کاشتکار اپنے نقصانات کی دستاویزات جمع کرائیں ریلیف فراہم کرینگے، وفاقی محتسب انشورنس

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب انشورنس ریجنل آفس بلوچستان کے میر حفیظ الرحمن نے کہا ہے کہ زمیندار اپنے نقصانات کی مصدقہ دستاویزات ریجنل آفس میں جمع کرائیں متاثرہ زمینداروں کو وفاقی محتسب انشورنس فوری ریلیف فراہم کرے گا وفاقی حکومت نے وفاقی محتسب انشورنس ڈاکٹر خاور جمیل کو فوری طور پر پورے ملک میں فلڈ ایمرجنسی رسپانس یونٹ قائم کرنے کی ہدایت کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے زمیندار / کاشتکار وفاقی محتسب انشورنس ریجنل آفس زرغون روڈ نزد بلوچستان اسمبلی سے رجوع کر سکتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

سیلاب متاثرہ جھل مگسی میں موبائل ہسپتال نے کام شروع کر دیا

موبائل ہسپتال جھل مگسی بھیجنے پر پنجاب حکومت اور عوام کے مشکور ہیں، میر طارق مگسی

جھل مگسی (نامہ نگار) جھل مگسی میں گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب سے موبائل ہسپتال نے کام شروع کر دیا جس کا باقاعدہ افتتاح رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان......

بقیہ 28 صفحہ نمبر 10 پر

نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے کر دیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جھل مگسی لیفٹیننٹ ریٹائرڈ یاسر حسین اور ضلع ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر رحمت اللہ بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ یاسر حسین اور رکن صوبائی اسمبلی نے مقامی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے پنجاب حکومت کا موبائل ہسپتال جھل مگسی بھیجنے پر پنجاب حکومت اور عوام کا شکریہ ادا کیا انھوں نے کہا کہ ہمارا علاقہ بیک واٹر اور سیلاب سے بہت زیادہ متاثر ہوا ہے اور جھل مگسی کو ڈوٹ سائیڈ ایلس بھی کہتے ہیں ہمارے کافی لوگ بیمار ہیں سیلاب کی وجہ سے بھی مختلف بیماریاں پھیلی ہوئی ہیں انہوں نے کہا ہمارے پاس تو ایسی سہولیات نہیں ہیں جو پنجاب حکومت نے بھیج دی ہیں۔ رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر خالد خان مگسی کے صاحبزادے نوابزادہ و سیاستدان میر جعفر خان مگسی نے موبائل ہسپتال کا دورہ کیا انھوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پنجاب حکومت کا شکریہ ادا کیا مگر انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا صوبہ بلوچستان وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور حکومت بھی ہماری ہے مگر ہمارے پاس ایسی جدید سہولیات موجود نہیں ہیں انھوں نے کہا جھل مگسی دور دراز علاقہ ہے اگر اس طرح کے موبائل ہسپتال ہمارے پاس ہوتے تو ہر جگہ آسانی سے پہنچتے اور عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرتے

پسند خان بلیدی ڈیپوٹیشن پر 2 سال کیلئے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی تعینات

اسلام آباد (حیدر نسیم) وفاقی حکومت نے بلوچستان سول سروس کے (باقی صفحہ 5 نمبر 26) افسر پسند خان بلیدی (گریڈ 20) کو ڈیپوٹیشن پر 2 سال کیلئے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی تعینات کر دیا ہے، دریں اثناء ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان سرکل کوئٹہ سعید اللہ (پوسٹل گروپ گریڈ 19) کی خدمات فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اسلام آباد، ڈائریکٹر نیشنل ہائی وے اتھارٹی مظہر حسین شاہ کی خدمات کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی، چیف آف سیکشن ترقی و منصوبہ بندی بلوچستان حکومت انعام اللہ خان کی خدمات پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی فاؤنڈیشن اور سیکشن افسر وفاقی تعلیم ڈویژن منصور صفت کی خدمات گلگت بلتستان سیکریٹریٹ کے سپرد کر دی گئی ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 2

Dated: 16 SEP 2022 Page No. 5

سبی، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، ہرنائی، زیارت میں پولیس ریلیف کیمپ قائم

ڈی آئی جی

سیلاب متاثرین کی مدد قومی فریضہ، پولیس ریلیف کیلئے اقدامات کر رہی، اشیا کی تقسیم کا سلسلہ جاری، مسرور عالم کولاچی

جوانوں نے کئی گھنٹوں تک متاثرین اور مویشیوں کو سیلاب سے نکال کر محفوظ مقامات پر منتقل کیا، میڈیا سے بات چیت

سبی (این این آئی) ڈی آئی جی سبی رینج مسرور عالم کولاچی نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی مدد ہم سب کا قومی فریضہ ہے، پولیس سیلاب متاثرین کے ریلیف کیلئے اقدامات کر رہی ہے، مخیر حضرات کے تعاون سے سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی بحالی کیلئے راشن، امدادی رقم سمیت ضرورت زندگی کی دیگر اشیا تقسیم کرنے کا سلسلہ جاری ہے، سبی، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، ہرنائی اور زیارت میں پولیس فلڈ ریلیف کیمپ لگائے گئے ہیں، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پولیس کے جوانوں نے جانوں کی پرواہ کئے بغیر کئی گھنٹوں تک متاثرین اور مال مویشیوں کو سیلاب سے نکال کر محفوظ مقامات پر منتقل کیا، پولیس کی جانب سے سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے ریلیف آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، ڈی آئی جی سبی رینج مسرور عالم کولاچی کا مزید کہنا تھا کہ آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان کے دیگر علاقوں کی طرح سبی رینج میں بھی پولیس سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف کی فراہمی کیلئے ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے، پولیس کے جوانوں نے سیلاب زدہ علاقوں میں سیلاب میں پھنسے افراد اور مال مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا، ڈی آئی جی سبی رینج مسرور عالم کولاچی نے کہا کہ سیلاب متاثرین کی بحالی تک پولیس کی جدوجہد جاری رہے گی، مخیر حضرات کے تعاون سے سیلاب سے متاثرہ افراد میں پولیس کے جوان کھانے پینے کی اشیا، کپڑے اور دیگر ضروریات کی اشیا تقسیم کر رہے ہیں، سبی رینج کے ہر ڈسٹرکٹ میں سیلاب متاثرین کیلئے ریلیف کیمپس لگائے گئے ہیں، سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے پولیس محدود وسائل میں رہتے ہوئے تمام تر توانائیاں بروئے کار لا رہی ہے، سیلاب متاثرین کی امداد ہم سب کا قومی فریضہ ہے، مشکل گھڑی میں متاثرین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔

سیلاب متاثرین کی امداد پر ڈاکہ ڈالنے نہیں دینگے، لیاقت بلوچ

بلوچستان حکومت امداد و بحالی کے کاموں میں ناکام ہوگئی

امداد میں بدعنوانی ہورہی ہے، ہر بار قدرتی آفات کے بعد یہی کچھ ہوتا ہے لیکن کسی کے خلاف کارروائی نہیں کی جاتی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان وصدر مجلس قائمہ سیاسی امور لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سیلاب و بارشوں سے ملک بھر میں ساڑھے تین کروڑ لوگ متاثر ہوئے ہیں، سیلاب کی تباہ کاریوں کے بعد عوام کی امداد و بحالی میں بلوچستان حکومت مکمل طور پر ناکام ہوئی ہے کچھ یہی صورتحال چاروں صوبوں سمیت ملک کے دیگر حصوں کی ہے، پی ٹی آئی و پی ڈی ایم، قوم پرست جماعتوں اور منتخب نمائندوں نے متاثرین کو ان کے حال پر چھوڑ دیا ہے، جماعت اسلامی سرکاری امداد متاثرین پر خرچ کرنے کیلئے جدوجہد کرتی رہے گی کسی کو سیلاب متاثرین کی امداد پر ڈاکہ ڈالنے نہیں دے گی، ہماری پالیساں واضح نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان کیلئے مشکلات بڑھ رہی ہیں، ملک میں سیاسی، آئینی، اقتصادی، جمہوری، پارلیمانی بحران بھی گھمبیر شکل اختیار کررہا ہے موجودہ حالات میں قومی ڈائیلاگ کی ضرورت ہے، یہ بات انہوں نے جمعرات کو جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا عبدالحق ہاشمی، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، صوبائی نائب امراء ڈاکٹر عطاء الرحمن، زاہد اختر بلوچ، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، الخدمت فاؤنڈیشن کے صوبائی نائب صدر اعجاز محبوب، کوئٹہ کے صدر عبدالمجید سرباز، صوبائی سیکرٹری اطلاعات عبدالولی خان شاکر سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ سیلاب سے ملک بھر میں اب تک 1427 افراد جاں بحق، 13 ہزار شدید زخمی، 9 لاکھ مال مویشی ہلاک فصلوں اور باغات کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے، ایسے میں پوری قوم، مخیر حضرات فلاحی تنظیموں نے آگے بڑھ کر خدمت کا کام کیا ہے یہ باعث اطمینان ہے کہ قوم بیدار اور اس کے اندر احساس موجود ہے جماعت اسلامی نے بڑھ چڑھ کر ریلیف میں حصہ لیا پورے ملک میں کارکنان و ذمہ داران نے بھرپور کردار ادا کیا الخدمت فاؤنڈیشن بہت بڑا ملک گیر منظم فلاحی ادارہ ہے الخدمت کے رضا کار و کارکنان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں پوری قوم اس کی تحسین کررہی ہے۔ الخدمت کے ساتھ ہزار رضا کار و کارکنان نے دن رات خدمات انجام دیئے پچاس کشتیوں سمیت دیگر تمام وسائل انسانی جانوں کو بچانے کے لیے استعمال کیے گئے۔ ایک ہزار ٹرک سے زیادہ سامان متاثرہ علاقوں کی طرف روانہ کیے گئے 440 میڈیکل کیمپس لگائے گئے دو لاکھ مریضوں کو فوری طبی امداد دیگر ادویات فراہم کی گئیں، پچاس ہزار کٹس لوگوں کو مہیا کیے گیے اس وقت متاثرہ علاقوں میں ہماری چالیس خیمہ بستیاں کام کررہی ہیں آئندہ تین دنوں میں مزید پچیس خیمہ بستیاں قائم ہونگی۔ خواتین کو خصوصی طبی امداد دی گئی ہے جن بچوں کی تعلیم متاثر ہوئی ان کے لئے خیمہ بستیوں میں تعلیم کا بھی اہتمام کیا ہے، آئندہ مراحل میں متاثرہ علاقوں میں خیموں، ادویات، سولر، فلٹریشن پلانٹ پکا ہوا کھانا، راشن، ترپال کی ضرورت اور مدارس و مساجد کی بحالی کی ضرورت ہے جماعت اسلامی سیلاب متاثرین کیلئے اپنی امدادی سرگرمیاں جاری رکھے گی ہم متاثرین کی خدمت کیلئے ہمیشہ تیار رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف عوام سیلاب میں ڈوب گئے ہیں دوسری طرف سیلاب متاثرین کی امداد میں بدعنوانی بھی جاری ہے ہر بار قدرتی آفت میں یہی کچھ ہوتا ہے لیکن کسی کے خلاف کارروائی نہیں کی جاتی ہے برساتی نالوں اور آبی گزرگاہوں پر تعمیرات ملی بھگت سے ہوتی ہیں سیلاب کی تباہ کاریوں کے بعد عوام کی امداد و بحالی میں بلوچستان حکومت مکمل طور پر ناکام ہوئی ہے کچھ یہی صورتحال چاروں صوبوں سمیت ملک کے دیگر حصوں کی ہے سیلاب متاثرین کی امداد میں وفاقی وصوبائی حکومتیں ناکام ہوئی ہیں۔ جماعت اسلامی سرکاری امداد متاثرین پر خرچ کرنے کیلئے جدوجہد کرتی رہے گی کسی کو سیلاب متاثرین کی امداد پر ڈاکہ ڈالنے نہیں دیں گی خدمات، مالی تعاون کی ضرورت اور اپنی خامیوں کا اعتراف توبہ و استغفار کی بھی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی، آئینی، اقتصادی، جمہوری، پارلیمانی بحران گھمبیر شکل اختیار کررہا ہے افغانستان کے گھمبیر حالات کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش وسازش ہورہی ہے۔ افغانستان کی عوامی حکومت کو تسلیم نہ کرنے کی وجہ سے افغان عوام کا ردعمل پیدا ہورہا ہے جس کی وجہ سے پریشانی پیدا ہورہی ہے کشمیر میں مودی فاشسٹ حکومت عالمی اداروں کے فیصلوں کو پامال کررہی ہے اس سلسلے میں بھی پاکستان کی کوئی پالیسی نہیں ہماری پالیساں واضح نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان کیلئے مشکلات بڑھ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوج ایک قومی ادارہ ہے۔ فوج کے سربراہ کی تقرری آئین وقانون کے مطابق ہونی چاہئے۔

بلوچستان ڈوب گیا صوبائی حکومت کی غفلت ختم نہ ہوئی، رحمت صالح بلوچ

نصیر آباد ڈویژن میں خوراک سے محروم متاثرین کا وبائی امراض میں مبتلا ہونا انسانی المیہ بن سکتا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر سابق وزیر میر رحمت صالح بلوچ اور ریجنل سیکرٹری نصیر آباد ڈویژن میران بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان ڈوب گیا لیکن بلوچستان حکومت کی غفلت اور لاپرواہی ختم نہیں ہوئی متاثرین کھلے آسمان تلے بے یارومددگار امداد کے منتظر ہیں جن کے پاس خوراک ہے نہ ہی پینے کیلئے پانی جس کی وجہ سے سیلاب زدہ علاقوں میں وبائی امراض بھی پھیل رہے ہیں جو انسانی المیہ کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے رہنماؤں نے کہا کہ وزیراعظم نصیر آباد ڈویژن کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرکے امداد کی کوشش کرتے ہیں ان کے جاتے ہی بلوچستان حکومت کہیں نظر نہیں آتی ہے صرف زبانی جمع خرچ کے سوا کچھ نہیں ہورہا انتظامیہ کی جانب سے میلوں دور کیمپ لگا کر متاثرین کو وہاں طلب کرنا سمجھ سے بالاتر ہے نصیر آباد ڈویژن مکمل طور پر متاثر ہے جہاں جنگی بنیادوں پر امدادی کام کرنے کی ضرورت ہے متاثرین کو خوراک، ادویات کی فراہمی کے ساتھ دوبارہ آبادکاری کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں۔

نااہل حکومت بولان میں پچاس میٹر متبادل راستہ نہیں بنا سکی، نیشنل پارٹی

وزیراعظم کے چھ دوروں کا فائدہ نہیں ہوا، بیوروکریسی نے غلط اعداد وشمار پیش کیے، بیان

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان پر نااہلوں کا ٹولہ مسلط ہے جس کو بلوچستان کے عوام سے کوئی سروکار نہیں سیلاب کو ایک ماہ گزر چکا اب تک بولان میں پچاس میٹر کا متبادل راستہ نہیں بنا سکے وزیراعظم نے بلوچستان کے چھ دورے کیے مگر نااہل ٹولہ کی وجہ سے کوئی خاطر خواہ نتیجہ سامنے نہیں آیا ہے۔ صحبت پور میں بیوروکریٹ نے وزیراعظم کو غلط اعداد وشمار پیش کیے۔ 28 ہزار خاندانوں میں راشن کی تقسیم میں کوئی صداقت نہیں ہے بیوروکریسی غلط اعداد وشمار کا سہارا لینے سے گریز کرے۔ بلوچستان کے عوام سیلاب کی تباہ کاریوں کے باعث کسمپرسی کا شکار ہیں وزیراعظم نے بلوچستان کے چھ دورے کیے نااہل ٹولہ کے باعث وزیراعظم کے دورے سیلاب زدگان کے لئے مددگار ثابت نہ ہوسکے بولان میں ... کے بعد ایک ماہ گزرنے کے باوجود نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور بلوچستان حکومت پچاس میٹر کا متبادل راستہ نہ بنا سکے گیس پائپ لائن کو جوڑنے میں گیس کمپنی کو تیس دن لگ گئے جبکہ واپڈا اتھارٹی بولان میں متاثرہ کھمبے تبدیل کرکے لائنوں کو بحال نہ کرسکا۔ خضدار دادو ٹرانسمیشن لائن سے بلوچستان کو عارضی طور پر بجلی کی فراہمی کی جارہی ہے سیلاب زدگان بھوک اور بیماریوں کا شکار ہوکر موت کے منہ میں جارہے ہیں۔ این ڈی ایم اے نے وزیراعظم سے جھوٹی کارکردگی پر 50 لاکھ کا انعام بھی بٹور لیا جبکہ این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے سمیت انتظامیہ سیلاب زدگان کی بحالی میں مکمل طور پر ناکام ہوچکے ہیں۔ انتظامیہ امدادی سامان ایم پی ایز اور وزراء کے سفارش پر سیلابی ریلیف لوگوں میں تقسیم کی جارہی ہے۔ ریلیف کی منصفانہ تقسیم اور سیلاب متاثرین کی بحالی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے انتظامیہ اور حکومت ہماری شرافت کو کمزوری نہ سمجھے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے آخری حد تک جائیں گے۔

عوام دشمن پالیسیوں کو مزید برداشت نہیں کیا جاسکتا، سیاسی رہنما

شہید خالقداد اور زخمیوں کو انصاف، قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، احتجاجی تحریک جاری رہے گی، مقررین کا جلسے سے خطاب

ہرنائی (نامہ نگار) سیاسی رہنماؤں نے کہا ہے فورسز کی فائرنگ سے نوجوان سیاسی کارکن شہید خالق داد بابر کی شہادت اور معصوم بچے سمیت دیگر نوجوانوں کو زخمی کرنے، بدامنی، بھتہ خوری اور وسائل پر قبضہ گیری کے اقدامات اور عوام دشمن پالیسیوں کو مزید برداشت نہیں کیا جاسکتا، شہید خالقداد و زخمیوں کو انصاف کی فراہمی اور ضلع ہرنائی میں قانون کی حکمرانی اور عوام کی جان ومال، تجارت کو تحفظ اور امن کی قیام تک خوست میں ہرنا اور صوبے میں احتجاجی تحریک جاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے زردالو میں احتجاجی جلسہ سے خطاب میں کیا۔ جلسہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنما شینگل خان ترین کی صدارت میں ہوا۔ جس سے شینگل خان ترین، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خان، عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر ولی داد میانی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی پریس سیکرٹری حفیظ اللہ، جمعیت علماء اسلام کے تحصیل امیر مولوی حسن شاہ، پشتون تحفظ موومنٹ کے رہنما وہاب خان کاکڑ، تحریک انصاف کے عبدالحکیم، جمعیت علماء اسلام پاکستان کے حافظ عطاء محمد اور عارف میانی، حافظ احسان الحق، مولوی قدیم نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ شہید خالق داد بابر کے قاتلوں کی گرفتاری، ویڈیوں کی ایف آئی آر درج کرنے، ضلع ہرنائی کے عوامی مقامات سے مورچے ہٹانے، ضلع میں کول مائنز اور دیگر کاروبار و تجارت پر بھتہ خوری کے خاتمے، ضلع کی تشویشناک صورتحال پر جوڈیشل کمیشن بنانے، اور شہید خالقداد بابر کو حکومتی سطح پر شہید قرار دیکر ان کے لواحقین اور زخمیوں کو Compensation دینے کے آئینی، قانونی اور جمہوری مطالبات کیلئے جمہوری احتجاج 33 روز سے جاری ہے، اور اس برحق مطالبات اور احتجاجی تحریک کو تمام جمہوری سیاسی پارٹیوں کی نہ صرف حمایت حاصل ہے بلکہ عملاً "اس تحریک میں شامل ہیں اور اسی طرح ضلع کے پرامن عوام، سیاسی کارکنوں، نوجوانوں، خواتین اور بچوں نے احتجاج میں بھرپور شرکت کرکے عوام دشمن پالیسی اور غیر آئینی وغیر قانونی اقدامات کو مسترد کرتے ہوئے اسے بدلنے کے مطالبات کیے ہیں، لیکن وفاقی وصوبائی حکومتیں اور ذمہ دار ادارے اس پر مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ مقررین نے ایک بار پھر واضح کیا کہ ضلع ہرنائی کے عوام، صوبے کی سیاسی پارٹیوں اور دھرنا کمیٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ اس اذیت ناک صورتحال کو مزید برداشت کرسکتے اور نہ اس پر مزید خاموش رہا جاسکتا ہے اور عوام کی طاقت سے جمہوری احتجاجی تحریک کے ذریعے اس کو عوام کے حق میں تبدیل کرکے

خوست واقعے پر عوام کا غم وغصہ بڑھتا جارہا ہے، پشتون قوم پرست جماعتیں

32 دن سے عوام دھرنا دیئے بیٹھے ہیں، حکومت کی جانب سے سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا جارہا، اجلاس

کوئٹہ (پ ر) پشتون قوم دوست وطن دوست جماعتوں کا مشترکہ اجلاس پشتون تحفظ موومنٹ کے صوبائی دفتر میں پی ٹی ایم کے صوبائی کوراڈینیٹر نور باچا کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا ضلع زیارت صدر سردار فرید اللہ دمڑ ضلع ہرنائی سینیئر نائب صدر ملک ظریف ترین پشتون خوامل عوامی پارٹی کے صوبائی ایگزیکٹیو تقیر خوشحال خان کاسی ضلع ایگزیکٹیو ممبر نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی آرگنائزر ہارون بازئی سیکرٹری اطلاعات انجینئر ایمل خان ناصر پشتون تحفظ موومنٹ کے ضلع کوئٹہ کوراڈینیٹر رحمت غرشی نے شرکت کی۔ اجلاس میں خوست سانحہ کے حوالے سے اب تک متعدد اضلاع میں کئے گئے احتجاج کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اس امر کی مذمت کی گئی کہ گزشتہ 32 دن سے وہاں کے عوام سراپا احتجاج ہیں بچے خواتین بزرگ اور جوان دھرنا دیئے بیٹھے ہیں لیکن اب تک دھرنا کمیٹی کی جانب سے ان مطالبات کا سنجیدگی سے نوٹس نہیں لیا جارہا جس سے وہاں کے عوام میں غم وغصہ بڑھتا جارہا ہے اجلاس میں متعدد اضلاع کیلئے احتجاجی مظاہروں کا شیڈول جاری کیا گیا جس کے مطابق 19 ستمبر کو ضلع موسیٰ خیل 20 ستمبر کو ضلع دکی اور 21 ستمبر کو ضلع زیارت بمقام سنجاوی احتجاجی مظاہرے ہوں گے جبکہ 26 ستمبر کو شام چھ بجے باچا خان مرکز میں صوبائی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوگا اجلاس میں صوبہ پشتونخوا بالخصوص ضلع سوات میں انتہاپسندی دہشت گردی کی نئی لہر کو ریاست کی دہشت گردوں سے مذاکرات کے نتائج سے تعبیر کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ ریاست عوام کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنائے اور ریاست کے اندر ریاست کی رٹ چیلنج کرنیوالوں کے خلاف کسی امتیاز کے بغیر کارروائی کی جائے۔ اجلاس میں سوات امن کمیٹی کے سابق صدر ادریس خان سمیت بے گناہ نہتے جوانوں کی شہادت پر ان کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

حافظ ضیاء الرحمن مینگل کی ٹارگٹ کلنگ قابل مذمت ہے، بی این پی

ایسے واقعات کا مقصد لوگوں کو بولنے اور سوچنے سے دور رکھنا ہے، عبدالولی کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ملک عبدالولی کاکڑ نے پی ڈی کیسکو عبدالسلام مینگل کے بھائی چیئرمین نذیر بلوچ کے کزن حافظ ضیاء الرحمن مینگل کی ٹارگٹ کلنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے واقعات کا مقصد بلوچستان میں تمام مکاتب فکر کو خوف وہراس کا شکار بنا کر لوگوں کو بولنے و سوچنے سے دور کرنا ہے تعلیم یافتہ نوجوان کے قاتلوں کو گرفتار کرکے انصاف فراہم کیا جائے انہوں نے کہا کہ تعلیم یافتہ، ملازمین وسیاسی کارکنوں سمیت ایسے لوگوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے جنہوں نے ہر دور میں جبر اور ناانصافی کیخلاف آواز بلند کی ہے پارٹی حقیقی سیاسی مسائل کے حل کیلئے اپنے قومی فرائض کی انجام دہی میں کوئی غفلت نہیں کرے گی۔

بلوچستان اسمبلی کے عملے کا دفتری امور اور اسمبلی اجلاس کے بائیکاٹ کا اعلان

مالیاتی کمیٹی کے فیصلوں کو نظر انداز کیا جارہا ہے، مطالبات پر عملدرآمد کیا جائے، مظفر رند کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی و ایم پی ایز ہاسٹل اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر میر مظفر علی رند نے 7 نکاتی مطالبات کی منظوری کے حق میں 16 ستمبر سے دفتری امور اور 19 ستمبر کے صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ مطالبات پر فوری [illegible] جائے۔ یہ بات انہوں نے جنرل سیکرٹری [illegible] کے ہمراہ بلوچستان اسمبلی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی آئینی ادارہ ہے اس کا اپنا تقدس ہے جسے شعوری یا لاشعوری طور پر پامال کیا جارہا ہے، بلوچستان اسمبلی کے ملازمین کو نہ صرف نظر انداز کیا جاتا ہے بلکہ کمیٹیاں جن کی آئینی حیثیت ہے ان کو بھی نظر انداز کیا جاتا ہے [illegible] اسمبلی کی مالیاتی کمیٹی کے فیصلوں کو نظر انداز کیا جاتا ہے جس سے نہ صرف اسمبلی بلکہ مالیاتی کمیٹی کے ممبران کا استحقاق بھی مجروح کیا جارہا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے ملازمین ادارے کے قابل احترام ہیں لیکن یہاں اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے لئے بھی سرکاری گھر تک نہیں ہیں، تمام اداروں کے ملازمین کیلئے ہاؤسنگ اسکیمیں ہیں مگر ہمیں صرف تسلیاں دی جارہی ہیں بیوروکریسی کے عمل کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے ملازمین کا مطالبہ ہے کہ بلوچستان اسمبلی کی مسجد کی از سر نو تعمیر وتوسیع کی جائے، بلوچستان اسمبلی کی مالیاتی کمیٹی کے فیصلوں پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے، اسمبلی سیکرٹریٹ وایم پی ایز ہاسٹل کے ملازمین کے لئے سول سیکرٹریٹ کی طرز پر ہاؤسنگ اسکیم کے لئے زمین کی منظوری دی جائے، دوران سروس فوت ہونے والے اسمبلی ملازمین کے بچوں کو ملازمت کی فراہمی کے لئے قانون سازی کی جائے، اسمبلی سیکرٹریٹ وایم پی اے ہاسٹل کے سروس رولز میں ترمیم کی جائے، بلوچستان اسمبلی وایم پی اے ہاسٹل آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے لئے تمام سہولیات کے ساتھ دفتر کی فراہمی اسمبلی ڈسپنسری اپ گریڈ ہوچکی ہے وہاں 24 گھنٹے صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے مزید عملہ تعینات کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے تمام ملازمین 19 ستمبر سے شروع ہونے والے اجلاس سے بائیکاٹ جبکہ 16 ستمبر سے دفتری امور کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہیں۔

حافظ ضیاء الرحمن کے قاتلوں کو گرفتار، ورثاء کو انصاف فراہم کیا جائے، شفیق مینگل

بے گناہ کو شہید کرنا انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان، ہر پہلو سے شفاف تحقیقات ہونی چاہئے، واقعے کی مذمت

سوراب (نامہ نگار) جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل نے سوراب میں واپڈا اہلکار حافظ ضیاء الرحمن مینگل کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دن دیہاڑے ایک بے گناہ کو فائرنگ کرکے شہید کرنا انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، سوراب شہر اور اسکے مضافات میں چوری، ڈکیتی، بدامنی کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے، سوراب انتظامیہ امن وامان اور عوام کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہے۔ حافظ ضیاء الرحمن مینگل کا ناحق خون بہایا گیا جس کے قاتل ابھی تک گرفتار نہیں ہوسکے جس سے سوراب کے عوام اور تاجر برادری میں تشویش پائی جاتی ہے، سوراب کے حالات کو جان بوجھ کر خراب کیا جارہا ہے، اگر بروقت حالات کی بہتری کے لئے کچھ نہیں کیا گیا تو حالات مزید کشیدگی اختیار کرسکتے ہیں، ایسے واقعات کی روک تھام ضروری ہے۔ میر شفیق الرحمن مینگل نے کہا کہ ضیاء الرحمن مینگل کے قتل کی ہر پہلو سے شفاف تحقیقات ہونی چاہئے، ایسے دہشتگرد عناصر کے خلاف انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے جائیں تاکہ آئندہ اس طرح کے افسوسناک واقعات کی روک تھام ہوسکے، حکومت اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ جھالاوان عوامی پینل موجودہ حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ ضیاء الرحمن مینگل کے قاتلوں کی گرفتاری یقینی بنائی جائے اور مقتول کے ورثاء کو انصاف فراہم کیا جائے اور سوراب انتظامیہ کو اپنی کارکردگی بہتر کرنے کیلئے ہدایات جاری کی جائیں، جھالاوان عوامی پینل ایسے [illegible] واقعات کی روک تھام اور انصاف کے حصول تک آواز بلند کرتا رہے گا۔

ڈگری کالج کوئٹہ میں داخلے روکنا حق تلفی، طلباء تنظیمیں

بارشوں وسیلاب نے معیشت تباہ کردی، فیسوں کی ادائیگی میں مشکلات ہیں، آصف بلوچ

جامعات میں فیسیں نہ ادا کرنے پر طلباء کو امتحانات میں بیٹھنے سے روکا جارہا ہے، طاہر شاہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کی مختلف طلباء تنظیموں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں طلباء سیاست پر قدغن عائد کرنے کے لئے مختلف ہتھکنڈے استعمال کئے جارہے ہیں، ڈگری کالج کوئٹہ میں گزشتہ ڈیڑھ سال سے داخلوں کا سلسلہ بند

بقیہ 4 صفحہ نمبر 10 پر

کی جوائز کے، کہ طلباء کی حق تلفی اور انہیں تعلیمی کیریئر کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے کے مترادف ہے۔ حکومت اپنے طالبعلموں کی جلد از جلد بحالی کے لئے اپنا کردار ادا کرے اگر ایک ہفتے کے اندر ڈگری کالج کوئٹہ میں داخلوں کا عمل بحال نہیں کیا گیا تو ہم طلباء تنظیمیں آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ یہ بات بلوچ ایجوکیشنل کمیٹی کے سیکرٹری جنرل آصف بلوچ، صوبائی صدر پی ایس ایف طاہر شاہ، مرکزی کمیٹی ممبر بی ایس او صمد بلوچ، بی ایس او پجار کے طارق بلوچ، بی ایس او کے صوبائی صدر سیف اللہ نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب کے باعث عوام معاشی طور پر تباہ ہوچکی ہے ان حالات میں طلباء کو فیسیں ادا کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے اور جامعات کی بھاری فیسیں طالبعلموں کی تعلیمی کیریئر میں رکاوٹ کا باعث بن رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ تمام زیر جامعات میں زیر تعلیم طلباء کے رواں سمسٹر کی فیسیں معاف کرنے کا اعلان کرتی لیکن اس کے برعکس جامعہ بلوچستان اور دیگر جامعات میں فیسیں نہ ادا کرنے پر طلباء کو امتحانات میں بیٹھنے سے روکا جارہا ہے جو کہ نہایت ہی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی یونیورسٹی میں مسلسل فیسوں میں اضافہ کیا جارہا ہے اور تمام تعلیمی ادارے مالی بحران کا شکار ہیں، سائنس کالج، آئی ٹی یونیورسٹی کے ہاسٹل بھی عرصہ دراز سے بند ہیں اور طلباء پرائیویٹ ہاسٹل میں رہائش پذیر ہیں حکومت کو چاہیے کہ وہ تعلیمی اداروں میں مالی بحران کا مستقل حل نکالے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے تمام جامعات میں طلباء سیاست پر قدغن عائد کرچکی ہے اور طلباء کو سیاسی سرگرمیوں سے دور رکھنے کے لئے مختلف ہتھکنڈے آزمائے جارہے ہیں۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ لاپتہ طالبعلموں کی جلد از بازیابی یقینی بنائے جائے اور تعلیمی اداروں سے طالبعلموں کی جبری گمشدگی جیسے عمل کی بیخ کنی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے مطالبات پر عمل نہیں کیا گیا تو ہم احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 3

Dated: 16 SEP 2022 Page No. 8

طبی عملہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے پوری کرے، اصغر اچکزئی

عوام کو بہترین مفت طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے

رکن صوبائی اسمبلی کا ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال چمن کا دورہ، ایم ایس سے مسائل دریافت کیے

کوئٹہ (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان اچکزئی نے ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال چمن کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور مختلف وارڈز (باقی صفحہ 4 نمبر 2)

میں مریضوں کی عیادت کی انہوں نے مریضوں کو علاج کی بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے پر ہسپتال انتظامیہ کی حوصلہ افزائی بھی کی۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبہ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، مریضوں کو ہسپتالوں میں بہترین علاج معالجہ اور ادویات فراہم کی جا رہی ہیں، دیہی مرکز صحت میں ٹیسٹ کی سہولت بھی موجود ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹرز اور سٹاف اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں احسن انداز میں پوری کریں، عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے۔ مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اس موقع پر ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیلتھ ہسپتال چمن و دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔

92 نیوز کوئٹہ

شعیب جان کی وفات سانحے سے کم نہیں، عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ مرکزی سینئر نائب صدر (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

میر کبیر احمد محمد شہی مرکزی سیکریٹری جنرل جان محمد بلیدی، صوبائی صدر میر رحمت صالح بلوچ، صوبائی

جنرل سیکریٹری خیر بخش بلوچ نے جاری بیان میں کہا کہ پنجگور نیشنل پارٹی کے نائب صدر و سابق وائس چیئرمین میونسپل کارپوریشن پنجگور شعیب جان بلوچ کی اچانک رحلت پر نیشنل پارٹی انتہائی غمزدہ اور افسردہ ہے۔ شعیب جان بلوچ پارٹی کے بانی دوستوں سے تھے۔ جس کی مضبوط کمٹمنٹ اور فکری ونظریاتی جدوجہد ہمیشہ متحرک رہی۔ شعیب جان کی سیاسی عمل وشخصیت سیاسی کارکنوں کی شعوری بلندیوں کو پروان چڑھانے میں بھرپور کردار کی مانند ہے۔ ان کیلئے مشعل راہ سے ہے نیشنل پارٹی ان کی جدوجہد کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی کی قیادت سیاسی کارکنوں کو تحریک کی بنیاد قرار دیتی ہے اور شعیب جان جیسے سیاسی کارکن کی اچانک وفات کسی بھی بڑے سانحے سے [illegible]۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی پارٹی رہنما [illegible] وفات پر انتہائی افسردہ ہے اور غم کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کی ساتھ ہے۔

INTEKHAB QUETTA

وزیر تعلیم نے تعاون کا یقین دلایا ہے، یونس عزیز زہری

خضدار (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری نے شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کو فعال بنانے کے لئے کوششیں مزید تیز تر کردی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے رابطہ اور صوبائی بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری سے ملاقات۔ شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کے ایکٹ کو بہت جلد صوبائی کابینہ سے منظور اور بعد ازاں اسمبلی میں پیش کردیا جائیگا۔ گزشتہ روز بے یوآئی کے مرکزی رہنماء رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے خضدار میں قائم اس نئی جامعہ کے بارے میں رابطہ کیا اور اس کے ایکٹ کی کابینہ سے منظوری اور ملی اسمبلی میں پیش کرنے کے حوالے سے بات چیت کی اور یہاں انہوں نے صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری سے بھی اس متعلق ملاقات کرکے شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کے ایکٹ سے متعلق ان سے مشاورت کی اور بہت جلد اس کی منظوری پر اتفاق کیا گیا۔ رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار بہت جلد صوبے کا نامور ادارہ بننے کے قریب ہے اس جامعہ کے ایکٹ کو پاس کرانے کے لئے میری کوششیں گزشتہ کئی مہینوں سے جاری ہے اور کئی اجلاس اور ملاقاتیں میں نے اس متعلق کی ہے گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر تعلیم سے میری اس متعلق بات ہوئی اور انہوں نے مجھے اعتماد اور بھرپور تعاون کا یقین دلایا ہے شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار بلوچستان کابینہ سے منظوری کے بعد بلوچستان اسمبلی سے پاس ہوگا اور یہ جامعہ باقاعدہ طور پر قانونی حیثیت اختیار کر جائیگی۔ میر یونس عزیز زہری کا کہنا تھا کہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے اپنے دور حکومت میں اس شہید سکندر زہری یونیورسٹی کو متعارف کرایا اور اس کی منظوری دی جو کہ اب پائیہ تکمیل کو پہنچی ہے اس حوالے سے نواب ثناء اللہ خان زہری سے بھی میں رابطے میں ہوں ان کے اور میرے درمیان شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کے ایکٹ پاس کرانے کے حوالے سے کئی بار گفتگو اور مشاورت ہوئی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 16 SEP 2022 Page No. 9

منگچر: دستی بم پھٹنے سے ایک شخص ہلاک، دو راہگیر زخمی ہو گئے

قلات (نامہ نگار) منگچر تحصیل ایریا میں دستی بم پھٹنے سے ایک شخص ہلاک اور دو راہگیر زخمی ہو گئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق جمعرات کی شام تحصیل منگچر ایریا میں ایک دکان کے سامنے نصیب اللہ ولد غلام محمد قوم محمد حسنی کے ہاتھ میں ہینڈ گرنیڈ (دستی بم) پھٹ گیا جس سے وہ موقع پر ہلاک ہو گیا۔ مبینہ طور پر ہلاک ہونے والے کا دماغی توازن درست نہیں تھا۔ دھماکے سے دو راہگیر نیاز اللہ ولد محمد عمر قوم محمد شہی سکنہ منڈے حاجی اور مجیب الرحمٰن ولد عبدالرازق قوم جتوئی سکنہ کوئٹہ معمولی زخمی ہوئے نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مقامی انتظامیہ مزید تفتیش کر رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

حب میں ڈکیتی کرنے والا مجرم گرفتار

حب (آن لائن) حب صدر پولیس کی کارروائی گزشتہ شب گھر میں ڈکیت کرنے والا ایک ملزم گرفتار ایس ایچ او حب صدر شاہنواز مینگل کو گزشتہ شب اطلاع ملی صدر تھانہ کے حدود میں ایک گھر میں ڈکیت گھس گئے۔ اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او شاہنواز مینگل .... بقیہ 20 صفحہ نمبر 10 پر

پولیس ٹیم کے ہمراہ پہنچ کر گھیرا ڈال کر ایک ڈکیت کو گرفتار کر لیا جبکہ دو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی تلاش جاری ہے۔ گرفتار ہونے والے غلام حسین ولد میر محمد کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

صدر پولیس حب کی کارروائی

کیخلاف ملزم کے رشتہ داروں کا احتجاج

حب (آن لائن) صدر پولیس کی کارروائی کے خلاف ملزم کے لواحقین نے قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا پولیس نے مظاہرین سے شاہراہ کھلوانے کے مذاکرات .... بقیہ 5 صفحہ نمبر 10 پر

کئے تاہم مذاکرات کی ناکامی کے پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لئے ہوائی فائرنگ کر دی اس حوالے سے پولیس ذرائع کا کہنا ہے صدر پولیس حب نے ایس ایس پی لسبیلہ دوستین دشتی کی ہدایات پر ایس ایچ او صدر شاہنواز کی سربراہی میں ڈکیتی کے ملزم کی اطلاع پر جام کالونی میں گھر پر چھاپہ مارا جہاں پہلے سے مسلح افراد نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی جس سے ایک گولی ایس ایچ او شاہنواز کے کپڑوں کو چھو کر گزر گئی تاہم خوش قسمتی سے وہ محفوظ رہے جس کے بعد فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزم سعید کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا جس پر پہلے سے مقدمات درج ہیں۔ گرفتاری کے ردعمل میں ملزم کے بھائی اور رشتہ داروں نے آر سی ڈی روڈ کو بلاک کر کے احتجاج شروع کر دیا مظاہرین سے مذاکرات کے لیے جانے والے ڈی ایس پی پولیس رضا بھی ہمراہ پولیس افسران پہنچے تاکہ مذاکرات کر کے روڈ کو کلیئر کرنے کے لیے کہا گیا بقول پولیس کے مظاہرین بات چیت کے دوران جام کالونی کی اور پولیس افسران پر ڈنڈے برسانے کی کوشش کی گئی جس پر پولیس نے ہوائی فائرنگ کر کے روڈ کلیئر کرا دیا پولیس کے موقف کے مطابق پولیس پر حملہ آور ہونے اور جام کالونی کے الزام میں گرفتاریاں ابھی عمل میں لائی گئی ہیں کسی کو شاہراہ بند کرنے اور شرپسندی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

INTEKHAB QUETTA

مستونگ، منشیات کے متعدد اڈے مسمار، درجنوں گرفتار

لیویز کی بھاری نفری و مشینری کے ہمراہ کارروائی کی گئی

گرفتاریاں مسافر بردار گاڑیوں سے ہوئی، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر منشیات کے اڈے مسمار کیے گئے

مستونگ (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کی منشیات کے اڈوں کے خلاف کارروائیاں منشیات کے اڈوں اور کمین گاہوں کو بلڈوز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سلطان محمد بگٹی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مستونگ عطاء المنعم بلوچ کے سربراہی میں ایس ایچ او لیویز تھانہ ولی خان پیر محمد علیزئی نائب رسالدار بلال احمد محمد شہی و دیگر آفیسران نے لیویز فورس کے بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

بھاری نفری اور مشینری کے ہمراہ لیویز تھانہ ولی خان حدود میں کارروائی کرتے ہوئے منشیات کے متعدد اڈوں کو مسمار کر دیا جبکہ متعدد ٹھکانوں کو سیل کر دیا۔ اس علاوہ ازیں ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کارروائی درجنوں منشیات کے عادی افراد کو مسافر بردار گاڑیوں سے دھر لیا، مسافر بردار گاڑی مالکان کو منشیات کے عادی افراد کو اپنے گاڑیوں میں سوار کرنے سے منع کیا، کسی بھی گاڑی میں منشیات کے عادی افراد کو مستونگ لانے و لے جانے میں ملوث پایا گیا تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور ڈرائیور اور گاڑی پر مقدمہ درج کیا جائیگا۔

وڈھ، لیویز کی کارروائی 7 ملزمان گرفتار

ملزمان نے دیگر ساتھیوں کے ملوث ہونے کا انکشاف کیا ہے، لیویز فورس افسر

وڈھ (آئی این پی) خضدار کی تحصیل وڈھ میں لیویز کی کامیاب کارروائی، چوری کی وارداتوں کے الزام میں 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ لیویز فورس وڈھ آفیسر فاروق مینگل کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار میجر ر محمد الیاس کبزئی کے سخت احکامات پر وڈھ لیویز نے اسسٹنٹ کمشنر وڈھ محمد اقبال کھوسہ کے نگرانی لیویز کا مختلف علاقوں میں کامیاب چھاپوں سے بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر

عرصے سے جاری وارداتوں میں ملوث گینگ کے 7 ملزمان گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیویز انچارج محمد فاروق مینگل کا دیگر لیویز نفری کے ہمراہ وڈھ در کھالہ بیلہ سمیت دیگر مقامات پر چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ملزمان نے وڈھ کی علاقوں میں کئی وارداتوں میں ٹرانسفارمر کوئلہ چوری کپاس مرچ سمیت دیگر چوری کے وارداتوں کا انکشاف کیا ہے، ڈاکوؤں نیٹ ورک کے سرغنہ سمیت 7 ملزمان تاج محمد ولد حاجی عبداللہ، اختر علی ولد شیر محمد، ہدایت اللہ ولد علی بخش، نصر اللہ ولد ابراہیم، خان محمد ولد عطا محمد، محمد صادق ولد عبداللہ، محبوب علی ولد خدا بخش کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضے سے چوری کی گئی ٹرانسفارمر کوئلے سمیت دیگر مسروقہ سامان برآمد کر لیا گیا ہے ملزمان نے وارداتوں کا اعتراف کر لیا ہے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دیا گیا ہے، فاروق مینگل کے مطابق ملزمان نے خضدار کے دیگر علاقوں سے اپنے دیگر ساتھیوں کے بھی ملوث ہونے کا بھی انکشاف کر لیا ہے۔

زہری میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق بچی زخمی

خضدار (این این آئی) زہری میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق بچی زخمی ہو گئی۔ خضدار کی تحصیل زہری نورگامہ میں ملزم نے جمعرات اعلی الصبح گھر میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس سے 14 سالہ لڑکا یاسر جاں بحق جبکہ ایک بچی زخمی ہو گئی۔ گھر کے دوسرے بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

افراد فائرنگ سے معجزانہ طور پر بچ گئے۔ فائرنگ کا واقعہ علی احمد رئیسانی نامی شخص کے گھر میں پیش آیا۔

مچھ میں بم دھماکہ، ایف سی اہلکار شدید زخمی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں مچھ کے نواحی علاقے مارکیٹ میں ہونیوالے دھماکے میں سیکورٹی اہلکار زخمی بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر

ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ادارے جائے وقوعہ پہنچے۔ زخمی کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے سی ایم ایچ کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، جہاں اسے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ اس کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ زخمی کی شناخت ایف سی کے اہلکار عصمت اللہ کے نام سے ہوئی۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق دھماکہ خیز مواد ... نصب تھا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 16 SEP 2022 Page No. 10

پی ٹی سی ایل کی تاریں چوری ہونے کا سلسلہ جاری

مختلف علاقوں میں سروس معطل

نجی انٹرنیٹ کمپنیوں کے بعض ملازمین چوری کے واقعات میں ملوث ہیں (ذرائع پی ٹی سی ایل) ڈی آئی جی کوئٹہ رینج اظفر مہیسر سے صورتحال کا نوٹس لینے کی اپیل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں سے پی ٹی سی ایل کی تاریں چوری ہونے کا سلسلہ نہیں رک سکا سینکڑوں صارفین رابطے اور انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کواری روڈ کے قریب سے پی ٹی سی ایل کی تاریں چرائی گئیں جس کے باعث اردگرد میں پی ٹی سی ایل کی سروس معطل ہو گئی جس سے لوگ رابطے اور انٹرنیٹ سے بھی محروم ہو گئے خاص طور پر انٹرنیٹ کے ذریعے امتحانات کی تیاری کرنے والے طلبہ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے پی ٹی سی ایل ذرائع کے مطابق کوئٹہ شہر میں نجی انٹرنیٹ کمپنیوں کے آنے سے یہ سلسلہ عروج پر پہنچ گیا ہے چند ماہ قبل پی ٹی سی ایل کے افسران نے اے آئی جی پولیس کمپلینٹس سے ملاقات کر کے انہیں مسئلے سے آگاہ بھی کیا تھا اور بتایا تھا کہ نشے کے عادی افراد کی خدمات حاصل کر کے تاریں چرائی جا رہی ہیں جس میں مبینہ طور پر محکمہ کے سابق ملازمین ملوث ہیں جن میں اکثریت نجی انٹرنیٹ کمپنیوں میں ملازمت کر رہی ہے پولیس کے ایکشن لینے پر کچھ عرصے تک چوری کی وارداتیں رک گئیں لیکن اب ایک مرتبہ پھر پی ٹی سی ایل کی تاریں چوری ہونا شروع ہو گئی ہیں پی ٹی سی ایل کے افسر نے بتایا کہ اگر یہی سلسلہ جاری رہا تو ہمیں سروس جاری رکھنے میں مشکل پیش آئیگی انہوں نے ڈی آئی جی کوئٹہ رینج اظفر مہیسر کی توجہ اس جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ وہ چوری میں ملوث گروہ کا قلع قمع کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

نوشکی: گرانٹ کی فراہمی میں تاخیر، خیصار ڈیم کی تعمیر تشنہ تکمیل

70 فیصد کام مکمل ہونے کے بعد سلسلہ رک گیا، منصوبے پر فوری کام شروع نہیں کیا گیا تو کروڑوں روپے ضائع ہونگے، عوامی حلقے

نوشکی (نامہ نگار) گرانٹ کی فراہمی میں تاخیر، خیصار ڈیم کی تعمیر تشنہ تکمیل، 2018 میں خیصار ڈیم کی تعمیر کا منصوبہ شروع کیا گیا دو سال میں ڈیم کی تعمیر کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا ہدف دیا گیا لیکن گرانٹ کی فراہمی میں تاخیر کی وجہ سے ڈیم کی تعمیر پر کام بند ہو گیا منصوبہ تاحال تشنہ تکمیل ہے ڈیم کا 70 فیصد کام مکمل ہو چکا تھا دسمبر 2022 تک ڈیم کی تعمیر مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا لیکن جولائی اور اگست کی طوفانی بارشوں کی وجہ سے خیصار نالہ میں متواتر سیلابی ریلوں کی وجہ سے خیصار ڈیم کافی متاثر ہوا ڈیم کی تعمیر کا کام بند کر دیا گیا عوامی حلقوں اور زمینداروں نے مطالبہ کیا ہے کہ خیصار ڈیم پر ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کیا جائے اگر اس منصوبے پر فوری کام شروع نہیں کیا گیا تو کروڑوں روپے کا ضیاع ہوگا خیصار ڈیم کی تعمیر کا کام ہنگامی بنیادوں پر شروع کرنے کی ضرورت ہے اب بارشوں کا موسم بھی نہیں ہے بارشوں اور سیلابی ریلوں کی وجہ سے خیصار نالہ میں خشک چشمے دوبارہ پھوٹ پڑے ہیں چینل کے ذریعے خیصار نالہ کے چشموں کے پانی کو چینل کے ذریعے جوڑے نوشکی میں سے منسلک کیا جائے تو جوڑے نوشکی کی روائتی تیس سال بعد دوبارہ بحالی ہو سکتی ہے جس سے نوشکی میں آبنوشی کی فراہمی میں بہتری، شہر کی خوبصورتی اور زراعت کے فروغ میں مدد ملے گی۔

قلعہ عبداللہ: ٹھیکیدار غائب، گلستان ریسٹ ہاؤس کی تعمیر و مرمت کا کام ادھورا

خود کو طاقتور سمجھنے والا ٹھیکیدار کسی کو خاطر میں بھی نہیں لاتا، افسران کی ملی بھگت سے تمام رقم قومی خزانہ سے نکال دی، رپورٹ

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) ٹھیکیدار قومی خزانے سے لاکھوں روپے نکال کر غائب، گلستان ریسٹ ہاؤس کی تعمیر و مرمت کا کام ادھورا، کوئی پوچھنے والا نہیں، خود کو طاقتور سمجھنے والا ٹھیکیدار کسی کو خاطر میں بھی نہیں لاتا، افسران کی ملی بھگت سے تمام رقم قومی خزانہ سے نکال دی، ٹھیکیدار اور افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور تعمیراتی کام ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، عوامی حلقوں کی اپیل رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے دورہ گلستان کے موقع پر گلستان ریسٹ ہاؤس اور اسسٹنٹ کمشنر گلستان کے لیے رہائشی بنگلہ کی تعمیر و مرمت کا اعلان کیا تقریباً 90 لاکھ کے ٹینڈر جاری ہوئے ایک مقامی ٹھیکیدار نے ٹھیکہ حاصل کیا اندھیر نگری دیکھیں کہ ٹھیکیدار نے آدھا کام بھی مکمل نہیں کیا اور افسران کی ملی بھگت سے تمام رقم قومی خزانہ سے نکال دی اور غائب ہو گیا مقامی لوگوں نے صحافیوں کو بتایا کہ مقامی ٹھیکیدار خود کو طاقتور سمجھتا ہے انہیں کسی کی کوئی پرواہ نہیں جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ انتظامی افسران کی رہائشگاہ اور دفتر کی تعمیر و مرمت کا کام ادھورا چھوڑ دیا گیا مگر کوئی پوچھنے والا نہیں عوامی حلقوں نے صوبائی حکومت سے اپیل کی ہے کہ ٹھیکیدار اور افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور تعمیراتی کام ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 16 SEP 2022 Page No. 11

مانجھی پور، ملیریا بے قابو، دو بچیاں جاں بحق، ادویات ناپید ہوگئیں

ہسپتالوں اور پرائیویٹ کلینکس میں مریضوں کا رش، لوگ ادویات کے لیے دربدر ٹھوکر کھانے پر مجبور

مانجھی پور (نامہ نگار) مانجھی پور اور گردونواح میں ملیریا بے قابو ہو گیا۔ دو بچیاں جاں بحق ہو گئیں۔ سرکاری ہسپتالوں اور پرائیوٹ کلینکوں میں مریضوں کا رش بڑھ گیا۔ جبکہ ادویات بھی ناپید ہو گئی ہیں۔ سیکریٹری ہیلتھ، ڈی جی ہیلتھ، ڈپٹی کمشنر صحبت پور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر صحبت پور اور ڈی ایس ایم سے نوٹس لینے کی اپیل کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق مانجھی پور اور گردونواح میں ملیریا وبائی شکل اختیار کرتا جارہا ہے، مرض کی وجہ سے دو بچیاں جاں بحق ہو گئیں۔ سرکاری ہسپتالوں اور پرائیوٹ کلینکس میں ادویات بھی ناپید ہو گئی ہیں۔ لوگ انتہائی پریشانی کے عالم میں در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ جبکہ سرکاری ہسپتالوں اور پرائیوٹ کلینکس میں ملیریا میں مبتلا لوگوں کا رش ہے ایک طرف ملیریا کی ادویات ناپید ہیں۔ دوسری طرف ملیریا کے لوگوں میں بتدریج اضافہ ہوتا جارہا ہے اگر ان پر قابو نہ پایا گیا تو مسئلہ گھمبیر ہوسکتا ہے۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے سیکریٹری ہیلتھ، ڈی جی ہیلتھ، ڈپٹی کمشنر صحبت پور جمیل احمد رند، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر شوکت علی کھوسہ، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی شاہ جہاں مینگل کی توجہ اس مسئلے کے جانب توجہ مبذول کراتے ہوئے اپیل کی ہے کہ جلد ملیریا کی ادویات سمیت دیگر ادویات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

ڈیرہ اللہ یار، سیلاب سے متاثرہ بچوں کو وبائی امراض نے گھیر لیا

ہسپتال ملیریا کے مریضوں سے بھر گئے، پہلے ڈینگی کیس نے بھی خطرے کی گھنٹی بجادی

کھلے آسمان تلے پڑے متاثرین دن بھر گرمی سے بے حال، رات کو مچھروں کی بہتات نے جینا دوبھر کر دیا

ہسپتالوں میں سہولیات کا فقدان، معصوم بچے سڑکوں پر بھیک مانگنے لگے، انسانی المیہ جنم لینے کا اندیشہ

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) سیلاب میں ڈوبے ڈیرہ اللہ یار و گردونواح میں ملیریا نے اپنے پنجے گاڑ دیئے۔ ڈیرہ اللہ یار میں پہلے ڈینگی وائرس کیس نے خطرے کی گھنٹی بجادی۔ دونوں جانب سیلابی پانی میں گھرے متاثرین کے معصوم بچے اور متاثرین کو وبائی امراض نے گھیر لیا، سیلاب سے تباہ حال بے سڑکوں کنارے پڑے ہوئے بے سروسامان سیلاب متاثرین سارا دن گرمی کی تمازت سے بے حال تو رات مچھروں کی بہتات سے جینا بھی دوبھر کر دیا۔ سیلاب سے بچنے والے متاثرین کی زندگیاں اب وبائی امراض کے رحم و کرم پر اور اس سے بھی زیادہ اذیتناک یہ کہ سیلاب میں سب کچھ اور ذریعہ معاش چھن جانے کے بعد متاثرین کے معصوم بچے سڑکوں کے کنارے بھیک مانگتے نظر آتے ہیں۔ شہر کے گنجان آباد علاقے ایدو کالونی، بھٹی محلہ، بخش بابا، کرم شاہ، بہادر شاہ، شہید مراد کالونی سمیت دیگر محلوں میں سیلابی پانی رنگ بدلنے سے مچھروں کی افزائش اور تعفن سے ملیریا سمیت وبائی امراض جنم لے رہے ہیں تو دوسری جانب عمرانی محلہ، گولہ کالونی، کھوسہ کالونی سمیت دیگر محلوں میں گندگی اور کچرے کے ڈھیروں نے انسانی جانوں سے کھیلنا شروع کر دیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں سیلابی اور بارشوں کے پانی کی موجودگی کے باعث کیا پرائیویٹ تو کیا سرکاری ہسپتال ملیریا کے مریضوں سے بھر گئے سرکاری ہسپتال میں لوگ فرش پر اپنے مریضوں کو سلانے پر مجبور ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی جانب سے مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کا شکوہ کیا جارہا ہے اور لوگ اپنے جانور بیچ کر پرائیوٹ مہنگا علاج معالجہ کروانے پر مجبور ہیں تیز دماغی ملیریا سے لوگ اپنے پیاروں کی زندگیاں بچانے کے لئے پریشان حال ہیں اور دوسری جانب بلوچستان حکومت کی طرف سے ملیریا کی میڈیسن کٹس سے لے کر دوائی اور مچھر دانیاں براہ راست محکمہ صحت کو فراہم کرنے کے بجائے غیر سرکاری تنظیم بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام محکمہ صحت کو فراہم کرتی ہے جو اب تک سیلاب متاثرین کو مچھر دانیاں بھی فراہم نہیں کر سکی ہیں جس سے سیلابی پانی میں گھرے لاکھوں سیلاب متاثرین کی زندگیاں غیر سرکاری تنظیم کے رحم و کرم و خطرات پیدا ہو گئے ہیں۔ اگر فوری طور پر سیلاب میں گھرے متاثرین اور شہریوں کو فوری طور پر مچھر دانیاں فراہم نہ کی گئیں تو انسانی المیہ جنم لے سکتا ہے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے ڈیرہ اللہ یار ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا اور سیلاب سے زیر آب ریلوے ٹریک کا جائزہ لیا ایف سی 72 ونگ کے کرنل احمد خان نے وفاقی وزیر کو بریفنگ دی وفاقی وزیر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں بڑا پل اور 11 کلومیٹر ریلوے ٹریک زیر آب ہیں جس کی جلد بحالی ممکن نہیں ہے ہر طرف پانی ہی پانی ہے ہم بند بھی نہیں باندھ سکتے یہاں سیلابی پانی پمپنگ سے نہیں اپنے قدرتی راستے سے نکلے گا۔

چمن: سیلاب متاثرین آنیوالی سردیوں سے پریشان، حکومت سے فوری اقدامات کی اپیل

آنیوالے دن چمن، قلعہ عبداللہ، پشین، سمیت دیگر سرد علاقوں کے لیے خوفناک ثابت ہونگے

چمن (نامہ نگار) بلوچستان کے سیلاب متاثرین گھروں کے ملبہ بن جانے کے بعد بے یار و مددگار کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور انہیں بس ایک ہی خیال پریشان کر رہا ہے کہ ابھی ایک قیامت سیلابی ریلوں کی صورت گزری ہے اور دوسری جاڑے کی صورت میں آنے والی ہے۔ مگر ذمہ دار ادارے محض اجلاسوں تک محدود ہیں۔ چمن، قلعہ عبداللہ، پشین، قلعہ سیف اللہ، زیارت، مستونگ، قلات، ژوب، سنجاوی، مسلم باغ، کان مہترزئی، خانوزئی، توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی سمیت دیگر سرد علاقوں میں آنے والے دن خوفناک ثابت ہونگے۔ بلوچستان میں سیلاب سے کئی ڈیم ڈھیر ہو گئے، مکانات تباہ ہوئے، اور انفراسٹرکچر بھی سیلابی ریلوں میں بہہ گیا، اور ہزاروں خاندان سماجی اور معاشی اعتبار سے اجڑ کر رہ گئے لیکن حکومت چین کی بانسری بجا رہی ہے۔ تاحال حکومت کی جانب سے ان بے گھر خاندانوں کو چادر ملی نہ چار دیواری کی کوئی امید باقی ہے۔ پہاڑی علاقوں میں خزاں کی سرد راتوں نے ڈیرے ڈال لیے ہیں۔ ان بے بس بے گھر متاثرین کو پہلے حالات نے ستایا پھر بھوک نے تڑپایا۔ وقت گزرا تو بیماریوں نے آن گھیرا، وفاقی اور صوبائی حکومت نے اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لیے تو آنے والی سردیوں کا بے رحم موسم ان پریشان اور برباد لوگوں کو مزید جان لیوا زخم دیکر جائے گا۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ ارباب اختیار موسم سرما سے پہلے عملی اقدامات کریں ورنہ یہاں برفباری شروع ہوتے ہی انسانی بحران جنم لے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5 Dated: 16 SEP 2022 Page No. 12

ڈھاڈر: بولان شاہراہ کی بحالی کیلئے ٹرانسپورٹرز کا احتجاج، گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں

بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کی کال پر قلم دین ہوٹل کے مقام پر روڈ بند، 3 ہفتے گزرنے کے باوجود شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بحال نہیں کیا جاسکا، شرکا

این ایچ اے کی نااہلی سے کام سست روی کا شکار، کاروبار ٹھپ ہوگیا، جنگی بنیادوں پر تعمیر مکمل کرنیکا مطالبہ، اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر سے مذاکرات کے بعد مظاہرین منتشر

ڈھاڈر (نامہ نگار) بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کی کال پر این ایچ اے کی نااہلی کی وجہ سے بولان قومی شاہراہ کی مکمل عدم بحالی کے خلاف سندھ بلوچستان قومی شاہراہ کو ڈھاڈر کے قریب قلم دین ہوٹل کے مقام پر ٹریفک کیلئے بند کرکے احتجاج کیا گیا، ٹریفک معطل ہوگئی، گزشتہ روز صوبائی صدر بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن حاجی میر حکمت لہڑی، ضلع صدر ڈھاڈر سبی ملک ساجد خان ہنگورگی کی زیر قیادت احتجاج کے باعث قومی شاہراہ کے دونوں اطراف چھوٹی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، ٹرانسپورٹرز کے صوبائی صدر حاجی میر حکمت لہڑی، ملک ساجد خان ہنگورگی نے صحافیوں کو بتایا کہ 3 ہفتے گزر جانے کے باوجود بولان قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے تاحال بحال نہیں کیا جاسکا، این ایچ اے کی نااہلی کی وجہ سے بولان شاہراہ پر تعمیراتی کام سست روی کا شکار ہے، ضلع انتظامیہ کچھی بولان کی جانب سے بار بار بندش کی وجہ سے ٹرانسپورٹرز کا لاکھوں روپے کا کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گیا، انہوں نے کہا کہ بولان قومی شاہراہ کی تعمیراتی کام جنگی بنیادوں پر کی جائے، قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے مکمل بحال کیا جائے۔ بعدازاں مظاہرین کے صوبائی اور ضلع قیادت سے ڈپٹی کمشنر کچھی عمران ابراہیم ہنگورگی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر فہد شاہ راشدی نے ڈی سی آفس میں کامیاب مذاکرات کرکے قومی شاہراہ کو ٹریفک کی روانی کیلئے بحال کردیا۔

پیاز، ٹماٹر، سیب اور کھیرے سے لدے ٹریلر روک لئے گئے

حکومت سیلاب سے متاثرہ زمینداروں کے زخموں پر نمک پاشی کررہی، ولی محمد رئیسانی

ہفتہ 10 دن حکومت کو وقت دیا لیکن مسئلے کا حل نہیں نکالا، احتجاج پر مجبور ہوگئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے زمینداروں نے ہمسایہ ممالک افغانستان اور ایران سے پیاز، ٹماٹر، سیب اور کھیرے کی درآمد کیخلاف کانک کراس پر احتجاجاً ہمسایہ ممالک سے آنے والے ٹریلرز کو روک دیا، گزشتہ روز زمیندار ایکشن کمیٹی کے حاجی ولی محمد رئیسانی، ملک عبدالمجید مشوانی، حاجی حمید اللہ مشوانی اور حاجی عزیز سرپرہ نے اعلان کیا کہ حکومت کو کئی بار مہلت دی لیکن انہوں نے ہمسایہ ممالک سے پیاز، سیب اور کھیرے کی درآمد بند نہیں کی، اس لئے کانک کراس پر روڈ بلاک کردیا، اس وقت تک ایران اور افغانستان سے آنے والوں ٹریلر کو نہیں جانے دیں گے جب تک مطالبات تسلیم نہیں کئے جاتے، ایک طرف بلوچستان کے زمینداروں کی فصلوں کو سیلاب اور بارشوں نے تباہ کردیا تو دوسری جانب وفاقی حکومت کے فیصلے نے زمینداروں کے زخموں پر نمک پاشی کی ہے، انہوں نے کہا کہ جب تک مطالبات تسلیم نہیں کئے جاتے اس وقت تک احتجاج جاری رہے گا، تمام بندوبست کرلیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

لسبیلہ کے رہائشیوں نے دو اضلاع میں تقسیم کے فیصلے کو مسترد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) صوبہ بلوچستان کے پسماندہ ضلع لسبیلہ کے رہائشی خالد حسین شیخ، نعمان فتح، محمود رزاق موندرہ، سہیل احمد بلوچ اور سکندر بلوچ نے بلوچستان کی صوبائی حکومت کی جانب سے ضلع لسبیلہ کو غیر منصفانہ طور پر دو اضلاع میں تقسیم کے فیصلے بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

کو مسترد کرتے ہوئے نوٹیفکیشن واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے، مطالبہ پورا نہ ہونے کی صورت میں بھرپور احتجاج کیا جائیگا جس سے وفاق کو مالی نقصان ہوگا جسکی تمام تر ذمہ داری بلوچستان حکومت پر عائد ہوگی۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ضلع لسبیلہ کے رہائشی خالد حسین شیخ، نعمان فتح، محمود رزاق موندرہ، سہیل احمد بلوچ اور سکندر بلوچ نے کہا کہ چند ماہ قبل بلوچستان کی صوبائی حکومت نے ضلع لسبیلہ کو دو حصوں میں تقسیم کرکے حب کو ضلع بنانے کی منظوری دی جس کے تحت لسبیلہ کے صنعتی اور ترقی یافتہ علاقوں کو نئے ضلع حب میں شامل کرلیا گیا ہے جبکہ لسبیلہ کی پسماندہ ترین علاقوں کو لسبیلہ ضلع قرار دیدیا گیا ہے، اس غیر منصفانہ اور غیر قانونی عمل پر لسبیلہ کی عوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے اور دوسرا یا احتجاج ہے اور اس غیر منصفانہ تقسیم کو مسترد کرتی ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 16 SEP 2022 Page No. 15

بلوچستان کی معاشی اور معاشرتی ترقی کے اہداف

ہر چند کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں اس وقت مہنگائی اور بے روزگاری سمیت اور بھی بہت سارے سیاسی اور معاشی مسائل ہیں جو حکومت وقت سے فوری توجہ اور دوٹوک عملی اقدامات کے متقاضی ہیں تاہم تباہ کن بارشوں اور سیلابی ریلوں نے جس طرح سے ہر چیز الٹ پلٹ کر رکھ دی ہے اور معیشت اور معاشرت کو جو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے اس کے پیش نظر باقی سارے مسائل پس منظر میں چلے گئے ہیں اور سردست حکومت اور انتظامیہ کو ایک ہی کٹھن چیلنج درپیش ہے کہ کسی نہ کسی طرح متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کو تیز تر کر کے امداد اور بحالی کے اہداف کو جلد سے جلد حاصل کیا جائے اور سیلاب کے رواں اور مابعد اثرات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے لئے ابھی سے ایسے اقدامات اٹھائے جائیں جن کی بدولت آنے والے دنوں میں ملک وقوم کو کسی بڑے سانحے یا المیے سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ حالیہ سیلاب اور اس کے نتیجے میں آنے والی تباہی کس قدر ہمہ گیر اور ہمہ جہت تھی اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ ملک بھر میں کروڑوں لوگ متاثر اور معیشت سے لے کر معاشرت تک ہر چیز تباہ و برباد ہو چکی ہے سندھ اور بلوچستان میں زیادہ تباہی ہوئی ہے وزیراعظم شہباز شریف پچھلے پانچ ہفتوں کے دوران بلوچستان کے متعدد دورے کر چکے ہیں پچھلے ایک ہفتے کے دوران انہوں نے بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے دو دورے کئے ہیں ایک دورے میں وہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو بھی اپنے ساتھ لے کر آئے جبکہ گزشتہ روز انہوں نے صحبت پور اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور اس موقع پر انہوں نے امدادی کاموں کو مزید تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیلاب پر سیاست نہیں کرینگے، حکومتی مشینری پوری طرح فعال ہے، یہ سیلاب ایک امتحان ہے، اس پر صبر سے کام لینا ہوگا، وزیراعظم نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے بائیس لاکھ گھریلو اور ساڑھے 3 لاکھ کمرشل صارفین کے بجلی کے اگست اور ستمبر کے بل معاف کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب کی تباہ کاریوں پر ہر آنکھ اشکبار ہے، پوری قوم مل کر اس کا مقابلہ کر رہی ہے، انسانی حد تک جس قدر ممکن ہے متاثرین کی مدد کریں گے۔ اس موقع پر وزیراعظم کو سیلاب سے ہونے والے نقصانات بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس سے قبل اوستہ محمد اور نصیر آباد ڈویژن کے دیگر علاقوں سمیت قلعہ سیف اللہ اور صوبے کے دیگر سیلاب متاثرہ علاقوں کا فضائی جائزہ بھی لیتے رہے ہیں اور متاثرین میں گھل مل کر ان کے مسائل و مشکلات سے آگہی حاصل کرتے رہے ہیں علاوہ ازیں انہیں متعلقہ حکام نے اب تک کی ساری تفصیلات سے مکمل آگاہ رکھا ہے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو بارہا اس بات کی ضرورت پر زور دیتے رہے ہیں کہ بلوچستان کے ساتھ خصوصی معاونت کی جائے کیونکہ بلوچستان میں نقصانات زیادہ ہوئے ہیں مسائل بہت زیادہ ہیں جبکہ وسائل انتہائی محدود ہیں بلوچستان اسمبلی اس ضمن میں ایک قرارداد بھی پاس کر چکی ہے جس میں صوبے کے لئے خصوصی پیکج کی سفارش کی گئی ہے (وزیراعظم بلوچستان کے لئے خصوصی پیکج کا بھی اعلان کر چکے ہیں یہ اور بات ہے کہ جس وسیع پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں ان کے ازالے کے ضمن میں یہ پیکج اونٹ کے منہ میں زیرے برابر بھی نہیں) ہم یہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان جو پہلے ہی ترقی اور خوشحالی کے سفر میں ملک کے باقی صوبوں سے قدرے پیچھے رہ گیا تھا حالیہ تباہ کن بارشوں اور سیلابی ریلوں سے مزید کئی عشرے پیچھے چلا گیا ہے قومی شاہراہیں، رابطہ سڑکیں، پل، کھڑی فصلیں، ہرے بھرے باغات، مال مویشی، گھر بار، مجموعی انفراسٹرکچر سب کچھ تباہ ہو چکا ہے اور ایسے میں سیلاب متاثرہ علاقوں میں امراض کے پھیلاؤ کی خبریں تشویش اور پریشانی کے نئے در وا کر رہی ہیں ہمیں قوی امید ہے کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے ساتھ ہر ممکن مدد اور معاونت اور سرپرستی یقینی بنائے گی اور صوبے کی معیشت اور معاشرت پر پڑنے والے تباہ کن اثرات کے ازالے اور خاتمے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی بلوچستان کی معاشی اور معاشرتی ترقی کے لئے ماضی میں جس منظم انداز میں کام ہونا چاہئے تھا وہ نہیں ہوا جس کے باعث صوبہ ترقی اور خوشحالی کے سفر میں پیچھے رہ گیا اس دوران یہاں سیاسی اور معاشی مسائل انتہائی گھمبیر اور سنگین رخ اختیار کر گئے تاہم پچھلے ایک یا ڈیڑھ عشرے سے صوبے میں تعمیر و ترقی کے نئے دور کی شروعات ہوئی تھیں اس دوران یہاں خاطر خواہ ترقیاتی منصوبے شروع ہوئے بہت سے منصوبے مکمل بہت سے منصوبے زیر تکمیل ہیں بلوچستان ایک نئی کروٹ لے رہا تھا کہ اس دوران ہمیں اس قدرتی آفت کا سامنا کرنا پڑا اب ان حالات میں جہاں وفاق کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں وہاں صوبائی حکومت سے بھی عوام کی بہت امیدیں وابستہ ہیں کہ معاشی اور معاشرتی مسائل کے حل کے لئے پہلے سے زیادہ جانفشانی، محنت، خلوص اور ایثار و قربانی کے ساتھ کام کیا جائے سب سے پہلے صوبے کے تباہ حال انفراسٹرکچر کو بحال کیا جائے اسی دوران متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو کے اہداف کے حصول کے لئے کام شروع کیا جائے اور اگر وسائل کی کمی ہے (یقیناً وسائل کی کمی کا مسئلہ موجود ہے) تو ایک تجویز ہم حکومت کو دیتے ہیں کہ رواں مالی سال کی ترقیاتی سکیمات پر کام روک کر وسائل کا رخ انفراسٹرکچر کی بحالی اور تعمیر نو کی جانب موڑ دیا جائے اگر ضرورت محسوس ہو تو اگلے مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں بھی صرف انتہائی ضروری نئی سکیمات ڈالی جائیں اسی دوران صوبے میں غربت کی نئی شرح نکال کر آمدن و اخراجات کا ازسرنو جائزہ لیا جائے کابینہ اور بیوروکریسی کے غیر ضروری اخراجات کے خاتمے سمیت آمدن بڑھانے اور اخراجات کم سے کم رکھنے کے اہداف متعین کئے جائیں، کس ضلع میں کون سا پیداواری شعبہ کس قدر کارآمد اور مفید ثابت ہوگا اس کا تعین کیا جائے اس کے بعد پیداواری شعبوں کے لئے وسائل مختص کئے جائیں یوں صوبے کی معیشت اور معاشرت کو لاحق سنگین خطرات سے نمٹنے میں آسانی رہے گی علاوہ ازیں طبی، تعلیمی، شہری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے، دور دراز کے علاقوں کے عوام کو اشیائے خورد و نوش کی بلیک مارکیٹنگ، ذخیرہ اندوزی، گرانفروشی جیسے مسائل سے چھٹکارا دلانے کے لئے بھی پہلے سے زیادہ تندہی اور جوش و خروش سے کام کرنے کی ضرورت ہے اس کار خیر میں صوبے کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں، علمائے کرام، پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا، سول سوسائٹی غیر تمام طبقات حکومت کا ساتھ دیں تاکہ تباہ حال صوبے کی معیشت کو مستحکم اور معاشرت کو خوشحال بنایا جاسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 16 SEP 2022 Page No. 16

پنجاب کا بلوچستان کو 6.5 لاکھ بوری گندم فراہم کرنے کا قابل ستائش فیصلہ

بلوچستان میں آٹے اور گندم کے بحران کے پس منظر میں پنجاب نے بلوچستان کو ساڑھے چھ لاکھ بوری گندم فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس سے صوبے میں غذائی بحران بڑی حد تک حل ہو جائے گا۔ صوبائی وزیر خوراک زمرک اچکزئی نے پنجاب کے وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی اور پنجاب کے محکمہ خوراک کے حکام سے اس معاملے پر بات کی جس کے نتیجے میں ساڑھے چھ لاکھ بوری گندم کی فراہمی کا فیصلہ کیا گیا۔ حکومت بلوچستان نے پنجاب کے وزیر اعلیٰ سے اظہار تشکر کیا ہے۔ صوبائی حکومت کو گندم کی فوری ترسیل کے لئے اقدامات اٹھانے چاہیں تا کہ بلوچستان میں گندم اور آٹے کا جو سنگین بحران جاری ہے اس پر قابو پایا جا سکے۔ صوبے میں گندم اور آٹے کی شدید قلت ہے اور ناجائز منافع خوری کرنے والے بلیک میں 80 فیصد زائد نرخوں پر فروخت کر رہے ہیں انتظامیہ ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کے دعوے تو کرتی ہے لیکن اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا سارا نزلہ اور متوسط طبقات پر گرتا ہے جو پہلے ہی بے لگام مہنگائی کے ہاتھوں مشکلات کا شکار ہیں انہیں کم سے کم آٹا اور گندم تو حکومت کی مقرر کردہ قیمت پر ملنے چاہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 16 SEP 2022 Page No. 18

Boosting trade with Iran

Pakistan and Iran have not only been good neighbors since the beginning, but under the existing trade relations between the two countries, the current trade volume is much less than its capacity. In 2006, both countries signed a trade agreement at the ministerial level. Later, in 2016, it was agreed to increase bilateral trade from 30 million dollars to 5 billion dollars by 2021. In November, the said period was extended by two years again on the occasion of the visit of the Pakistani trade delegation at the ministerial level in Tehran.

According to reports, the Ambassador of Iran to Pakistan, Syed Mohammad Ali Hosseini, while informing the media about the progress between the two countries, has reiterated the commitment to take the mutual trade to the level of five billion dollars next year. This is a welcome development and should not be delayed any longer as it includes some energy projects for Pakistan which have been pending for the past 12 years.

Pakistan is already sending 63% of Iran's rice requirement to Iran and Iran has concessions on 309 and Pakistan on 338 tariff lines. It is impossible without the involvement of officials and the capital that should go to the national coffers of both countries in the form of taxes is being corrupted.

Pakistani and Iranian authorities should discuss this important issue without delay and take steps to remove obstacles in mutual trade. However, the situation in border districts becomes worse when the borders are closed for formal and informal business.

The closure of tax-free trade and travel corridors known as Zero point and Rahdari Gate at the Taftan deprives thousands of families of their livelihood.

Compared with other provinces, Balochistan trails behind in economic development as its 12 million residents face poverty, poor health and infrastructure, and low literacy. Some analysts claim that all Balochistan deeply relies on the informal fuel trade with Iran. Though presently, the Pakistan-Iran trade is only in the region of a few hundred million dollars. This figure can grow manifold if both states decide to significantly improve trade ties.

There is a thriving informal border trade in Balochistan. If this were formalised and the requisite facilities provided in this underdeveloped part of the country, it could bring jobs to the impoverished region. The two countries need to work on a joint roadmap to promote trade, while Pakistan specifically needs to tell those who may be unsettled by the thought of better ties with Iran that there is no reason for concern.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 7

Dated: 15 SEP 2022 Page No. 19

PM vows relief measures for flood survivors in Sohbatpur

Two-month waiver for power consumers, school construction, mobile maternity units, medicine, food supplies ordered

By Saleem Shahid

QUETTA: Prime Minister Shehbaz Sharif on Wednesday met flood survivors in Sohbatpur district and announced a two-month waiver for power consumers in the affected parts of the country besides immediate provision of drinking water, food and medicines.

He reviewed relief efforts and interacted with the flood-affected people who informed him about the problems facing the tent city in Nasirabad division. He told them that two trucks carrying bottled water would reach the area immediately while 10 tonnes of the commodity would be made available within the next two days.

The premier also ordered the authorities concerned to set up two mobile maternity units in the area, ensure availability of life-saving and anti-venom medicines, and the arrangement of over two million mosquito nets for flood-hit parts of Balochistan.

He directed them to pace up the drainage of stagnant water and complete the activity within 10 days instead of the expected fortnight. He called for deploying additional human resources and machinery to amplify work in view of the sufferings faced by the people.

"Instead of indulging himself in politicking as being done by some leaders amid floods, serving the masses is the noblest deed," Mr Sharif said.

He vowed that a mechanism would be established to revive the crops of wheat and cotton in the flood-affected areas. He said the coalition government at the centre along with the provincial government was making all-out efforts to provide relief to the people in flood-hit areas.

During his visit to Sohbatpur, the prime minister also announced waiver of fuel cost adjustment for electricity consumers to provide some relief to people facing multiple challenges due to the floods. The waiver for August and September utility bills will benefit millions of domestic and commercial power consumers.

Federal Minister for Defence Production Sardar Israr Ahmed, Balochistan Chief Secretary Abdul Aziz Uqaili, Senator Sana Jamali, MPA Saleem Ahmed Khosa, Nasirabad Commissioner Bashir Ahmed Bangulzai and other senior officials were present during the premier's daylong visit. However, Chief Minister Mir Abdul Qudoos Bizenjo was conspicuous by his absence.

Ali Jan Mangi in Dera Murad Jamali also contributed to this report

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 16 SEP 2022 Page No.

آواران: وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو ایچ آر سی جل جھاؤ کی اپ گریڈیشن کی تختی کی نقاب کشائی کے موقع پر دعا مانگ رہے ہیں

آواران: وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو اور چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی سیلاب کے نقصانات کا فضائی جائزہ لے رہے ہیں

آواران: وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی موجودگی میں پیپاٹائٹس ویکسینیشن مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے

آواران: وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو جل جھاؤ میں علاقے کے عوام سے بات چیت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا جل جھاؤ آواران پہنچنے پر حکام استقبال کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا جل جھاؤ آواران پہنچنے پر حکام استقبال کر رہے ہیں

آواران: وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو کو ہیڈ کوارٹر ہسپتال کی اپ گریڈیشن پر بریفنگ دی جا رہی ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.____ Dated: 16 SEP 2022 Page No.____

چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی کا جل جھاؤ
آواران پہنچنے پر حکام استقبال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 16 SEP 2022 Page No.

AWARAN: Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo interacting with local people in Jhal Jhao area of Awaran on Thursday.